مجموعۂ کشیدہ کاری پہلے ۴۴ نمونے ان کے بعد نئی نئی وضع کی کڑھت کے ۷۴ نمونے پھر مختلف خواتین کے دیے ہوئے ۹۳ بہترین نمونے ہیں قیمت ؏

روح کشیدہ جس میں متعدد نمونے چھوٹے بڑے درمیانی پھولوں، بیلوں، گلدستوں ٹوکریوں مرکز کونوں کے ہیں قیمت عہ

کڑھت کی قسمیں مختلف قسم کی کڑھت کی عام فہم ترکیبیں اور ہدایتیں نمونے دیدہ زیب عہ

کراس اسٹچ ورک ترچھے ٹانکوں کے کام کی مشہور کتاب۔ چند نمونوں کے عنوانات۔ بطخ۔ چڑیا۔ سارس۔ چوزہ۔ مور۔ بلی۔ چوہا۔ گلہری۔ ہرن۔ ہاتھی۔ اونٹ۔ تیتری وغیرہ۔ پھولوں بیلوں گلدانوں وغیرہ کے بھی بہت سے نمونے ہیں قیمت عہ

تارکشی کا کام جس کی مدد سے کپڑے سے دھاگہ نکالنے کا کام آجاتا ہے متعدد نمونے بلاک کے

گلدستہ تارکشی مضامین اور ہدایتیں نہایت سلیقہ اور محنت سے لکھی گئی ہیں، ۵۷ نمونے ہیں ایک ایک بہتر عہ

اونی کام سلائیوں سے بننگ کے بہترین نمونے۔ مضامین اور ہدایتیں عام فہم۔ ملاک کے رنگین اور سادے نمونے بہت کافی ہیں دوسرا ایڈیشن قیمت عہ

موتیوں کا کام ۸۴ پھول، ۷۰ بیلیں، ۶۲ جھالریں، ۳۰ فریم، ۱۱۱ انسرشن، ۲ جالیاں، ۹ حاشیے ۱۱ پنکھے ہینڈ اور منی بیگ، ۲ پردے ان کے علاوہ متعدد اور نمونے۔ ترکیبیں مفصل اور مکمل، ۲۷ عصمتی بہنوں نے یہ کتاب تیار کی ہے بار سوم قیمت تین روپیہ ۳ے

سلمہ ستارہ کا کام کلابتون۔ شکوبیس سلمہ۔ گجائی۔ موتی ستارہ وغیرہ کے کام کے ۲۲۶ نمونے دیدہ زیب۔ مرحومہ خدیجہ بائی کی دستکاری کی یادگار ہے ؏

چمنستانِ خیاطی یا سوئی کا کام بچوں کے کپڑے سوٹ جانگئے۔ باڈی پجامہ سینہ بند قمیص۔ زنانہ کپڑے۔ لباس شب خوابی۔ انڈرویر۔ کالر کف۔ بلاوز جمپر غرض کٹائی سلائی کی ترکیبیں اور نمونے بہترین قیمت ؏

گلستانِ خیاطی کپڑے کی کٹائی سلائی کی بہترین کتاب قیمت ؏

جالی کا کام لہریں۔ جال۔ سیدھے الٹے فیتے۔ گملے پھول بیلیں۔ گلدستے مختلف وضع کے متعدد ہیں۔ ہدایتیں بہت آسان مگر مکمل ہیں بار دوم قیمت دو روپیہ عہ

گوٹہ کناری کا کام ہندوستان کی قدیم مشہور صنعت پر بیش بہا کتاب سوا سو کے قریب دیدہ زیب نمونے ہیں ترکیبیں عام فہم ہیں۔ قیمت صرف دو روپیہ عہ

شمیم سوزن کاری جس میں زر کا کام۔ ڈار جینا ورک۔ کامدانی کا کام کانچ کے ٹکڑوں کا کام سلک ایمبرائڈری اور کروشیا کے نمونے ڈیڑھ سو کے قریب ہیں معہ ہدایات ؏

محصول ڈاک بذمہ خریدار

ملنے کا پتہ:۔ عصمت بک ڈپو۔ کوچہ چیلان۔ دہلی

محصول ڈاک بذمہ خریدار

بوستانِ خیاطی

رسالہ جوہرِ نسواں دہلی کا اُنیسواں خاص نمبر

مرتبہ محترمات زہرہ بیگم و مہر النساء شکارپور سندھ

گیارھواں سال | بابتہ مارچ ۱۹۴۵ء | جلد ۲۲ نمبر ۱

عرض حال

فنِ خیاطی کی یہ تیسری کتاب ہے جو دفتر جوہرِ نسواں سے شائع ہو رہی ہے۔ یہ کتاب محترمات زہرہ بیگم و مہر النساء بیگم دختران شیخ غلام محمود صاحب ڈپٹی کلکٹر پنشنر کی محنت کا نتیجہ ہے۔ ہماری محترم بہنوں نے ہماری فرمائش پر قریباً تین سو بہترین نمونے اس کتاب کے لئے عنایت فرمائے تھے جن میں سے اکثر نمونے جوہرِ نسواں کے پچھلے پرچوں میں شائع ہو کر خراجِ تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ اس خاص نمبر میں روزانہ ضرورت کے مطابق نقشے ہیں۔ ہر نمونہ اس کی مفصل ترکیب کے ساتھ اور بہت واضح ہے۔ اُمید ہے بہنیں اپنے کپڑے گھر پر تیار کر کے بہت سا وہ روپیہ جو درزیوں کی نذر کرنا پڑتا ہے بچا لیں گی۔

غدیر فاطمہ

ترکیب تیاری

لباس کی قطع برید میں لمبان چوڑان کا حساب کسی ایک سائز کا لکھنا فضول ہے۔ اس واسطے کہ ہر آدمی کا جسم ایک سا نہیں ہوتا۔ اور ایک ناپ کا کپڑا ہر آدمی کے کام نہیں آ سکتا۔ پس بہتر صورت یہ ہے کہ کپڑا سیتے وقت جسم کا ناپ لینا ضروری سمجھیں اور ناپ لیتے وقت مندرجہ ذیل ہدایات مدِّ نظر رکھیں۔

(۱) فل یعنی پوری آستین۔ کندھے سے لے کر پہنچے تک ناپیں۔

(۲) نصف آستین۔ کندھے سے باہوں تک یا جتنی لمبان رکھنا چاہیں۔

(۳) چولی۔ کندھے سے کمر تک لمبان جسم کی چوڑائی چوڑان۔

(۴) گھیر۔ کمر سے ابتدا کریں اور جس قدر نیچا چاہیں وہاں انتہا کریں۔

(۵) پیٹی کوٹ ساری کے لئے۔ کمر سے ٹخنے تک لمبان۔ چوڑان حسبِ ضرورت۔

(۶) بلاؤز۔ کندھے سے کمر تک لمبان۔ چوڑان مطابق جسم۔

اسی طرح ہر کپڑے کا ناپ لیا جا سکتا ہے کسی خاص ناپ کی ضرورت نہیں۔

(۱) بلاؤز۔ ناپ لے کر کپڑے کو دوہرا کر کے کاٹ لیں۔ سامنا کوٹ کی طرح رہیگا۔ آستین آدھی رہے گی۔ مطابق نقشہ میں کر اطراف کسی دوسرے کپڑے کی گوٹ لگائیں۔ سامنے گوٹ کے ہم رنگ بٹن

باہتمام رانق الخیری پرنٹر و پبلشر محبوب المطابع دہلی میں چھپ کر دفتر عصمت کوچہ چیلاں دریا گنج دہلی سے شائع ہوا۔

لگا کر بن ٹانک لیں اور پہنتے وقت باندھ لیں۔

(۲) بلاؤز۔ نمبر (۱) کی طرح تراش کر سامنے کا حصہ قطع کریں گلا چوکور رہے گا۔ آستین لگانے کے بعد سب طرف گوٹ لگالیں۔ اور سامنے کاج بٹن کریں۔ یہ خیال رہے کہ گلے کا چوکور صرف سامنے کے حصے میں کاٹیں۔

(۳) کپڑے کو دُہرا کر کے بلاؤز تراشیئے۔ گلا چوکور تراشیں۔ سامنا حصہ نمبر (۱) کے مطابق تراشیں۔ نیچے کمر میں دوسرا ٹکڑا ۶ انچ چوڑا دے کر بخیہ کرلیں۔ دیکھئے نمبر (۲) کے مطابق بنائیں۔ گلے پر دو چمکدار بٹن لگائیں۔ کمر پر دو پلیٹ ڈالیں۔ بائیں جانب ہک بٹن لگائیں۔ آستین آدھی بنائیں یا پوری یہ آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔

(۴) یہ بلاؤز نمبر (۲) بلاؤز کے مطابق تراشیں۔ گلا وی V سا تراشیں۔ کالر پہلے کپڑے کو چوہرا کر کے تراشئے دیکھئے تراشا ہوا کالر کھولنے کے بعد اس طرح ہوگا۔ سامنے چاک کر کے بیچ بٹن لگائیں اوپر سے چمکدار بٹن ٹانک دیں۔ آستین پوری یا آدھی۔

(۵) حسب ناپ کپڑا دوہرا کر کے تراش لیں۔ سامنے کے حصہ کو (تیار شدہ نقشہ) مدنظر کر کے تراشیں۔ تین بیچ بٹن لگا کر اوپر سے تین چمکدار بٹن لگائیں۔ کالر (۱) و (۲) کے مطابق تراشیں۔ نمبر (۱) الگ تراشیں نمبر (۲) الگ۔ بائیں جانب کمر پر ہک بٹن لگائیں نیچے دوسرا ٹکڑا ۶ انچ چوڑا دے کر بخیہ کریں۔ آستین پوری یا آدھی بنائیں۔

(۶) حسب ناپ کپڑے کو دوہرا کر کے بلاؤز تراش لیں۔ دیکھئے تیار شدہ نقشہ ہر آستین پر تین چمکدار بٹن لگائیں۔ گلے کے نیچے تین چمکدار بٹن لگائیں الف کی جگہ پر ۴ انچ چوڑا ٹکڑا نمبر ۲ کی طرح تراش کر اوپر لگائیں۔ بائیں جانب ہک بٹن لگائیں

(۷) کپڑے کو دوہرا کر کے بلاؤز تراش لیں۔ گلا وی V نما کاٹ لیں ○ ایسے نشانات پر بٹن لگائیں۔ الف کی جگہ نمبر (۲) کی طرح ۳ انچ چوڑی پٹی کاٹ کر لگائیں۔ بائیں جانب کمر پر ہک لگائیں۔ آستین اس طرح تراشیں۔

(۸) کپڑے کو دوہرا کر کے تراشیں۔ ایک پٹی جس طرح نمبر (۱) میں دکھایا گیا ہے کاٹ کر آگے پیچھے کے حصّے سے ملائیں۔ اوپر مشین کر لیں گول گلا تراش کر سامنے چاک کر لیں۔ بُن بنا کر گلے پر لگائیں۔ مشین کر کے کالر اس طرح کاٹیں دائیں جانب ہک بٹن لگائیں۔ نیچے دو انچ چوڑی پٹی بلاؤز پر مشین کریں۔ آستین (۷) بلاؤز کی طرح بنے گی۔ تیار شدہ نقشہ مدِ نظر کر کے مشین کریں۔

قمیصیں

(۱) کپڑا تین گز۔ بٹن ۸ عدد۔ پہلے آگے پیچھے کے لئے کپڑا الگ کر لیں یعنی قمیص کی لمبائی زانو تک اور آگے پیچھے والے کپڑے کو دوہرا کر کے دیکھئے (۱) اس طرح تراشئے اور پچھلے حصّے کو الگ کر کے سامنے کے حصّے نمبر ۲ کی طرح قطع کر لیں (تیار شدہ نمونہ مد نظر کر کے) چنٹ (۱) و (۲) سیدھے پلیٹ ڈالیں۔ اب پچھلے حصّے میں اس طرح دو پلیٹ ڈالیں۔ پھر مشین کر لیں۔

بعد تیاری نصف گرہ موڑ کر بخیہ کر لیں۔ چاک ۹ انچ لمبا رکھیں۔ آستین حسب نقشہ تراشیں۔ پہلے کپڑا دوہرا کر لیں۔

(۲) حسبِ نقشہ تراش کر مشین کرلیں۔
آستین تراشنے میں پہلے کپڑے کو دوہرا کرلیں۔

(نوٹ) کالر و کف کے چند نمونے الگ پیش کرتی ہوں اس لئے یہاں لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ سب قمیصوں میں چاک ۹ انچ لمبا رکھیں اور دامن نصف گرہ موڑ کر بخیہ کرلیں۔ آستین سب قمیصوں میں اس بنائی جائیں گی آستین کے کف پر دو ہُک بٹن لگائیں۔

(۳) ۳ گز لیڈی ہیلٹن کپڑا۔ ۱۲ عدد ہیرے۔ ۴ گرہ ربن جس رنگ کا کپڑا ہو۔ آگے پیچھے کے لئے کپڑا الگ کرلیں جیسا کہ آگے بتایا گیا ہے۔ اس طرح تراش کر سامنے والے حصہ کو نمبر (۱) کی طرح تراش لیں مشین کرکے حسبِ ذیل قمیصوں کی طرح بخیہ کرلیں۔ آستین بھی ویسے ہی نمونہ کی تراشیں۔ صرف کف پر ہیرا لگائیں۔ اور دو ہُک بٹن لگائیں۔

یہ نمونہ بھی نمبر ۳ کی طرح بنے گا مگر اس کا بھی سامنا حصہ اس طرح تراشیں ۔۔۔ ایسے نشانات پر ہُک بٹن لگائیں۔

(۴) تین گز ریشمی کپڑا۔ پانچ عدد عمدہ چمکدار بٹن۔ رنگ کپڑے کے ہم رنگ ہوں۔ آگے پیچھے والے کپڑے کو دوہرا کرکے۔ دیکھئے نمبر (۱) اس طرح تراشیں اور پچھلے حصہ کو الگ کرکے سامنے والے حصہ کو نمبر (۲) کی طرح کاٹ لیں (تیار شدہ نمونہ مدِ نظر رکھیں) بعد تیاری حسبِ معمول قمیصوں کی طرح مشین کرلیں۔ ٹاٹر اس طرح بنائیں نمبر (۱) ٹاٹر تینوں طرف کو مشین سے باریک موڑ کر سی لیں • یہاں بٹن لگا کر گلے پر لگائیں۔

فراکوں کے نمونے

فراک چڈی پر پہنئے یا شلوار پر یہ آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ جب کپڑا تراشیں تو ہر وقت اپنے جسم یعنی کمر کا خاص خیال رکھیں۔ فراک کی کمر چوڑی ہوگی تو فراک بہت بدنما ہوگا۔ اس لئے آپ کو چاہیئے کہ کمر بہت تنگ رکھیں اور کمر میں ایک جانب ہُچ بٹن لگائیں جو آپ کو تنگ کرنے میں آسانی ہوگی۔ جب تنگ فراک پسند نہ ہو تو وہ کھول کر جتنا چوڑا چاہیں رکھیں یہاں بٹن لگائیے۔ آستین پوری خواہ آدھی وہ بھی آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ آستین کے مونڈھے (آدھے) بانہہ سے لگے رہنے چاہئیں۔ پوری رکھیں تو کف میں بٹن لگائیں کہ کھولنے میں آسانی ہوگی۔ کف بھی تنگ رکھیں مگر اتنا تنگ نہ کریں جو جلد خفا ہو جائیں۔

(۱) فراک۔ کپڑا اچھولدار پہلے کپڑے کی ناپ کرکے باڈی اور تیرہ علیحدہ علیحدہ تراشیں پھر آستین تراشیں۔ باڈی کے تراشنے کا طریقہ یہ ہے پہلے کپڑے کو دوہرا کرکے کاٹیں (دیکھئے نقشہ نمبر (۱)) پھر سامنے حصّہ کو الگ کرکے نمبر (۲) کی طرح تراشیں۔ پھر پچھلے حصہ کو نمبر (۳) کی طرح تراشیں۔

اب گلے پر اس طرح کالر بنا کر لگائیں۔

نیچے سے باریک چنٹ بنائیں۔

بعد تیاری گھیر میں باریک باریک چنٹ لگا کر چولی سے ملائیں۔

اب کمربند بنائیں۔ کالر کی طرح پٹہ میں بھی چنٹ لگائیں۔

(۲) فراک۔ اس فراک کے لئے وہ کپڑا موزوں ہوگا جیسا کہ نقشہ میں دکھایا گیا ہے۔ تراشنے کا طریقہ یہ ہے کہ باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں گھیر (۱) کی طرح قطع کریں جتنی کمر کی ناپ ہو اس سے دو انچ زیادہ چوڑا رکھیں۔ (پہلے کپڑے کو دوہرا کر لیں پھر کاٹ لیں) اب سامنے والے حصہ کو پچھلے حصہ سے علیحدہ کر لیں۔ نمبر (۲) کی طرح سامنے حصہ کو تراشیں نمبر (۳) کی طرح باڈی کو تراشیں۔ (پچھلا حصہ سامنے حصہ کو پچھلے حصہ سے تین انچ زیادہ رکھیں۔

نمبر (۴) کی طرح سامنے حصہ کو تراشیں۔

الف اور ب حصّہ کے - - - - ایسی لکیروں پر پیچھے ایک پٹی ایک انچ چوڑی تراش کر لگائیں ۔ نیچے حصّہ میں بٹن لگائیں۔
اور اُوپر والے حصّے میں کاج کرلیں۔ پھر مشین
کرلیں دیکھئے نمبر (۵) و (۶)۔
باڈی پر دو جیب بنائیں۔ بعد تیاری کمر پٹہ بنائیں۔

(۳) فراک ۔ یہ فراک نمبر (۲) کی طرح بنے گا صرف باڈی اس طرح تراشیں ۔ پہلے کپڑے کو دوہرا کرلیں پھر باڈی کی طرح تراشیں۔ پھر سامنے حصّے کو (۱) کی طرح تراشیں ۔ بعد تیاری مشین کرکے نوک دار کالر اور لو باندھنے کے لئے بنائیں۔ دیکھئے نقشہ (۲)۔
بعد تیاری باڈی پر دو چمکدار بٹن لگائیں۔

(۴) فراک ۔ باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ نمبر (۱) کے مطابق گھیر تراشیں اب سامنے (گھیر) حصّہ کو نمبر (۲) کی طرح تراشیں۔
نمبر (۳) کی طرح باڈی تراشیں۔ اب سامنے حصّہ کو الگ کرکے
نمبر (۴) کی طرح تراشیں۔ (سامنے کا حصّہ پچھلے حصّہ سے ۴ انچ زیادہ چوڑا رکھیں۔
کالر نوکدار بنائیں۔
آستین پوری بنے گی۔
باڈی پر تین تین بٹن لگائیں۔

(۵) فراک۔ اس فراک کے لئے لیڈی ملٹن کا کپڑا بہت اچھا معلوم ہوگا۔ (ہر ایک فراک کے لئے پوری آستین) تین گز کپڑا درکار ہوتا ہے۔ آدھی آستین کے لئے ڈھائی گز کپڑا۔ (پتلی عورت کے لئے) موٹی عورت کے لئے خلاف اس کے وہ اپنے جسم کی ناپ لے کر خود کپڑا چھانٹنا چاہئے اُتنا لیں۔ باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ نمبر (۱) کے مطابق تراشیں۔ کھولنے کے بعد ۴ نمبر (۲) کے مطابق ہوگا۔ نمبر (۳) کی طرح باڈی تراشیں۔ اب سامنے حصّہ کو الگ کر کے نمبر (۴) کی طرح باڈی تراشیں۔ (۵) کی طرح کالر و آستین و گھیر لگائیں۔

(۶) فراک۔ باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ پھر نقشہ نمبر (۱) کی طرح سامنا حصّہ باڈی کا تراشیں۔ (باڈی کا سامنا حصّہ ۴ انچ زیادہ چوڑا رکھیں)۔ چنٹ بنا کر کالر و پٹی لگائیں۔ تیرے میں باریک چنٹ (دیکھئے فراک تیار شدہ) کریں۔ پھر تیرہ کو چولی سے ملالیں۔ پیچھے ایک پٹی دوہری کر کے کمر بند بنا کر بو باندھیئے۔ آستین کے کنارے پر بھی چنٹ ڈالدیں۔

(۷) فراک۔ یہ فراک پھولدار کپڑے کا بہت خوبصورت بنے گا باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ (۱) کی طرح گھیر تراشیں۔ (۲) کی طرح باڈی تراشیں۔ سامنے حصّے کو پچھلے حصّے سے الگ کر کے (۲) کی طرح تراشئے۔ کالر کا طریقہ یہ ہے جیسا نمبر ۴

(۸) ۴ کی طرح تراشیں کھولنے کے بعد (۲) کی طرح ہوگا۔

۴ مشین کر کے کالر لگا کے باڈی کے حصے پر دو چمکدار بٹن لگائیں۔

(۹) فراک۔
باڈی وگھیر علیحدہ تراشیں۔ باڈی نمبر (۱) پہلے کی طرح۔ کالر گول۔ آستین نمبر (۲) کی طرح بنائیں۔ گھیر نمبر (۴) کی طرح (دیکھئے نمبر (۵)) بعد میں اچھی طرح مشین کر لیں۔

(۱۰) فراک۔ فراک کے لئے کپڑا۔ گوٹ کے لئے کپڑا۔ پانچ عدد چمکدار بٹن۔ باڈی وگھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ باڈی نمبر (۱) کی مطابق تراشیں۔ نمبر (۲) کی مطابق باڈی کا سامنا حصہ تراشیں (سامنا حصہ ۲-یا ۳ انچ زیادہ چوڑا رکھیں) نمبر (۳) کی مطابق فراک مشین کر لیں۔ باڈی کے ہر دو جانب جیب بنائیں۔ دوسرے رنگ کی گوٹ۔ آستین کالر و جیب پر لگائیں اور کمر پٹہ بھی دوسرے رنگ کا بنائیں۔

(۱۱) فراک۔ باڈی وگھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ باڈی (نمبر ۳ فراک کی طرح تراشیں۔ گھیر (نمبر ۹ فراک) کے مطابق تراشیں۔ مشین کر کے دو جیب تیرہ میں بنائیں۔ اور کمر پٹہ بنا کر (ریچ بٹن لگائیں۔) جیب آستین و کالر پر دوسری رنگ کی گوٹ تراش کر لگائیں۔

(۱۲) فراک۔ باڈی وگھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ (۱) کی طرح باڈی تراشیں۔ سامنے حصّہ کو الگ الگ کر کے نمبر ۲ کی طرح (سامنا حصہ) تراشیں۔ گھیر نمبر (۱۱) فراک کے مطابق تراشیں۔ کالر گول کاٹ کر لگائیں۔ بعد تیاری کمر پٹہ بنا کر کمر میں لگائیں۔ گلے پر دو ریچ بٹن لگائیں۔ آستین نمبر (۳) کے مطابق بنائیں۔

(۱۳) فراک (کوٹ نما فراک) پہلے جسم کی ناپ کرکے سامنا حصّہ اور پچھلا حصّہ الگ
الگ تراشیں۔ (نمبر ۱) کی مطابق سامنا حصّہ
تراشیں۔ نمبر (۲) کی طرح بنائیں۔
چُنٹ لگائیں۔ پھر مشین کرلیں۔
ایک ایک بٹن لگائیں۔ اور
اس کے نیچے پیچ بٹن لگائیں۔

(۱۴) فراک۔ باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ گھیر نمبر (۱) کی مطابق تراشیں۔
نمبر (۲) کی طرح باڈی تراشیں۔ نمبر (۳) کی مطابق سامنا حصّہ باڈی کا تراشیں۔
الف کی جگہ کاٹ کر پھر دوسرا ٹکڑا اس طرح کاٹ کر لگائیں
باڈی کا سامنا حصّہ پچھلے حصّہ
سے ۶ انچ زیادہ رکھیں۔
بعد تیاری مشین کرکے آستین پر لو باندھیے۔

(۱۵) فراک۔ باڈی نمبر (۱) کے مطابق تراشیں۔ کھولنے کے بعد نمبر (۲) کی طرح (۶) پلیٹ باڈی بناکر
نیچے چُنٹ لگاکر پھر الف کی جگہ دوسرا کپڑا کاٹ کر
مشین کرلیں۔ دیکھیئے تیار شدہ فراک۔

(۱۶) فراک۔ باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ نمبر (۱) کے مطابق گھیر تراشیں۔
نمبر (۲) کے مطابق باڈی تراشیں۔ نمبر (۳) کے مطابق باڈی کے سامنے کا حصّہ تراشیں۔

(۱۷) فراک۔ باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ جیسا کہ ہر ایک فراک میں بتایا گیا ہے۔ باڈی نمبر (۱) کے مطابق تراشیں۔
نمبر (۲) کے مطابق سامنا حصّہ تراشیں۔
دیکھئے تیار شدہ فراک پھر مشین کریں۔

(۱۸) فراک۔ باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ آستین پوری بنائیں۔ بعد تیاری آستین کے کف اور کالر و باڈی پر تیار شدہ فراک کی طرح جھالر لگائیں۔

(۱۹) فراک۔ باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ گھیر میں (کمر) باریک باریک چنٹ کریں۔ آستین کے کف پر بھی باریک چنٹ کریں۔ کالر بڑا گول تراش کر اطراف جھالر لگائیں۔ (دیکھئے تیار شدہ فراک)

(۲۰) باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔
باڈی کا سامنا حصّہ نمبر (۱) کے مطابق تراشیں۔
نمبر (۲) کی طرح مشین کریں۔

(۲۱) فراک۔ سفید رشین کپڑا یا زرد رنگ رشین کپڑا پہلے کپڑے کو دوہرا کر لیں۔ نمبر (۱) کی طرح تراشیں۔ اب کھول کر سامنے والے حصّہ میں چوکور گلا تراشیں اور پچھلے حصہ میں گلے کے بیچ میں ۲ انچ اس طرح تراشیں۔ گھیر اور گلے پر کنگورہ تراشیں۔ پھر مشین کرکے ربن لگائیں۔ پھر پھول کاڑھئے۔ (تیار شدہ فراک میں گلے و آستین پر اس طرح جو ہے وہ ربن ہے جس رنگ کا کپڑا اسی رنگ کی ربن لگائیں)۔

(۲۲) فراک۔ کپڑا پھولدار ٹک بٹن ۲ عدد۔ تراشنے کا طریقہ یہ ہے۔ پہلے کپڑے کو دوہرا کر لیں۔ پھر نقشہ نمبر (۱) کی طرح تراشیں۔ اب کھول کر سامنے والے حصے کو نمبر (۲) کی طرح تراشیں۔

کالر۔ پہلے کپڑے کو دوہرا کرکے نمبر (۴) کی طرح کالر تراشیں ۔ پھر تیار شدہ فراک مدنظر کرکے مشین کرلیں ۔ بعد تیاری گلے پر ہک بٹن لگائیں ۔

(۲۳) فراک ۔ کپڑا پھول دار ۔ ۴ عدد چمکدار بٹن ۔ تراشنے کا طریقہ یہ ہے ۔ پہلے کپڑے کو دُہرا کرکے نقشہ نمبر (۱) کی طرح قطع کرلیں ۔ اب کھول کر سامنے والے حصہ کو نمبر (۲) کی طرح تراشیں ۔

کالر بنانے کا طریقہ یہ ہے ۔

کالر سفید کپڑے کا بنے گا اور آستین پر سفید رنگ کی گوٹ کاٹ کر چنٹ لگائیں ۔

(۲۴) فراک ۔ یہ فراک دو رنگ کے کپڑے کا بنے گا

باڈی پھول دار کپڑے کی ۔ گھیر ملتا ہرا رنگ کا ۔

(پھول زیادہ تر نیلے ہیں تو کپڑا نیلا) باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں ۔ مثل نمبر ۳ تراشیں ۔ گلے پر مثل نمبر (۴) بٹن کاٹ کر لگائیں اور کاج بنائیں ۔

بعد تیاری اس طرح ہوگا

(دیکھیے تیار شدہ فراک)

(۲۵) فراک ۔ یہ فراک بہت آسان ہے ۔ نمبر (۱) کی طرح تراش کر پھر نمبر ۲ کی طرح سامنے حصہ کو تراشیں ۔

آستین تراشنے کا طریقہ یہ ہے

آستین کے کنارہ پر ربن ٹانک دیں

تراشنے کے بعد مشین کریں۔ بعد تیاری گلے پر باریک گوٹ کتر کر تیار شدہ فراک کی طرح لگائیں اور بیچ ٹانگ لگائیں۔

سوٹ کے نمونے

(۱) سوٹ۔ سفید بوسکی کا کپڑا۔ نکر کے لئے۔ بوسکی قمیص کے لئے جو آپکو پسند ہو۔ پہلے قمیص بنائیں۔ قمیص بنانے کا طریقہ یہ ہے پہلے کپڑے کو دوہرا کرکے نمبر (۱) کی طرح تراشیں۔ اب سامنے والے حصّہ کو نمبر (۲) کی طرح کاٹ لیں۔

کھولنے کے بعد سامنے کا حصّہ اس طرح ہوگا۔ کالر بٹن اور کاج کریں۔ • ایسے نشانات پر بٹن لگائیں۔ اور — ایسے نشانات پر کاج کرلیں۔ پھر مشین کریں۔

نکر سینے کی ترکیب یہ ہے۔ پہلے کپڑے کو چوہرا کرلیں۔ نمبر (۱) کی طرح تراشیں کھولنے کے بعد نمبر (۲) کی مطابق ہوگا۔ اب پائنچوں میں مشین کریں۔ الف اور ب کی جگہ جیب بنائیں۔ — ایسے نشانات پر کاج بنائیں۔ میانی کو مشین کریں۔ کمر لڑکے کے ناپ کے مطابق بنائیں۔ اب گیلس بنائیں۔ اس کی ترکیب یہ ہے۔ دو انگل چوڑا بوسکی کا کپڑا دوہرا کرکے اس طرح نمبر (۳) کی طرح بنائیں۔ اوپر مشین سے بخیہ کرکے ⊙ ایسے گولوں میں کاج کرلیں۔

(۲) سوٹ۔ صرف کوٹ اس طرح بنائیں۔ کوٹ کے نیچے اور آستین و کالر میں کنگورہ بنائیں۔ تین بیچ بٹن لگائیں۔ کوٹ میں دو جیب بھی لگائیں۔ گلے پر بٹن کی بو بنائیں۔

(۳) سوٹ۔ باڈی پر جیبٹ لگائیں اور نکر میں دو کاج سامنے، دو کاج پیچھے کریں اور باڈی میں (دیکھئے تیار شدہ) ۴ بٹن لگائیں دو سامنے کمر میں لگائیں اور دو پیچھے کمر میں۔ پائنچوں اور کالر و مونڈھے پر دوسرے رنگ کے کپڑے کی گوٹ تراش کر لگائیں۔

(۴) فراک (کوٹ نما فراک) پھولدار کپڑا۔ ۸ عدد بٹن۔ تراشنے کا طریقہ یہ ہے۔ پہلے کپڑے کو دوہرا کرلیں۔ نمبر (۱) کی طرح تراشیں۔ پھر کھول کر سامنے والے حصّہ کو نمبر (۲) کی طرح قطع کرلیں پھر مشین کریں۔ • ایسے نشانات پر بٹن لگائیں ‿‿‿ ایسے نشانات پر کاج کرلیں۔ کالر و آستین لگاکر مشین کرلیں (دیکھئے تیار شدہ فراک)

کالر۔ کف اور آستین کے نمونے

(۱) نوک دار کالر۔ چھ انچ چوڑا کپڑا لے کر دوہرا کرکے اس طرح تراشیں (گلے کی ناپ کرکے کاٹیں) الف اور ب پر مشین کریں۔ پھر ---- ایسے نشانات میں گلے سے ملائیں۔

الف ب گلے سے ملائیں

(۲) گول کالر۔ پہلے کپڑے کو دوہرا کرکے (گلے کی ناپ کریں) کالر تراشیں۔ اطراف مشین کرکے گلے کو فراک کے گلے سے ملالیں

کالر گلا

(۳) ادھا نوک دار کالر۔ پہلے کپڑے کو چوہرا کریں یا دوہرا کرکے نیچے لٹھے یا جالی کا استر دیں۔ پھر قطع کرلیں۔ الف کی جگہ پر مشین کریں۔

کالر گلے سے ملائیں الف

(۴) قمیص کے لئے کالر۔ پہلے کپڑے کو دوہرا کریں نیچے استر جالی کا دیں۔ پھر قطع کریں۔ مشین کرکے کٹ ورک کا کوئی عمدہ پھول بنائیں۔

کالر

(۵) کالر فراک کے لئے۔ پہلے کپڑے کو دوہرا کرلیں پھر تراشیں۔ پھر مشین کریں نیچے جھالر لگائیں۔ ارگنڈی کی۔

کالر

(۶) فراک کے لئے کالر۔ پہلے کپڑے کو دوہرا کرکے تراشیں۔ نیچے ارگنڈی کی جھالر لگائیں۔

کالر

(۷) نوکدار کالر۔ پہلے کپڑے کو دوہرا کرلیں (نیچے جالی کا استر لگائیں۔) پھر تراشیں۔

کالر

(۸) کف۔ ۳ انچ چوڑا کپڑا لے کر کف کے برابر کرکے اطراف جھالر لگائیں۔ اور کھولنے کے لئے تین بچ بٹن لگائیں۔ کف پر دو چمکدار بٹن لگائیں۔

(۹) فراک کے لئے کالر۔ کپڑے کو دوہرا کرکے نیچے جالی کا استر لگائیں (کلف دار جالی ہو) یا جالی نہ لگائیں تو کپڑے کو چوہرا کریں۔ پھر تراشیں۔

کالر

(۱۰) کف۔ کف حسب ناپ بنا کر ۲ انگل چوڑی پٹی کف کے ناپ کی لے کر اوپر سے مشین کریں۔ کھولنے کے لئے دو بچ بٹن لگائیں۔ نقشہ سے دیکھنے میں بہت آسان ہے۔

(۱۱) **فراک کے لئے آستین**۔ آستین کی لمبائی اپنی مرضی کے مطابق کر کے چوڑان فراک کے مونڈھے سے ۲-۳ انچ زیادہ رکھیں۔ پھر اس طرح تراشیں جیسا کہ نمبر (۱) کا نمونہ ہے۔ کناروں پر باریک مغزی تراش کر لگائیں ⟹ بعد میں ربن ہم رنگ لے کر ۱ و ۲ پر لگائیں۔

(۱۲) **کف**۔ فراک یا قمیص کے لئے کف بنا کر کناری پر مغزی لگائیں جس طرح نقشہ کف میں دکھایا گیا ہے۔ چاک پر دو بچے بٹن

(۱۳) **کف**۔ فراک یا قمیص کے لئے کف بنا کر کف پر (ایک طرف) اس طرح دوسرا کپڑا قطع کر کے نیچے لٹھے کا استر لگا کر سئے جائیں (دیکھئے کف تیار شدہ)

(۱۴) **فراک کے لئے آستین**۔ اس کے تراشنے کی ترکیب یہ ہے۔ پہلے کپڑے کو دوہرا کر لیں۔ پھر نمبر (۱) کے مطابق تراشیں۔ آستین کا کنارہ جتنا چوڑا رکھیں اتنا رکھ کر الف سے ب تک تراشیں۔ اس ٹکڑے یعنی ش کو باریک چنٹ سے ! ایسے نشان سے لے کر ب تک چنٹ لگائیں۔ دیکھئے تیار شدہ آستین۔

(۱۵) **کف**۔ آستین کا کف ⌒⌒ اس طرح تراشیں اور اندر کی جانب مشین کر لیں۔ کناری باریک لگا کر چاک پر ایک پٹی لگا کر دو بچے بٹن لگائیں۔ کنگورہ پر بٹن لگائیں۔

(۱۶) **آستین**۔ آستین جتنی لمبی و چوڑی چاہیں اتنا کپڑا لے کر کلوٹ کی طرح آڑا موڑ کر آستین کے نقشہ (۱) کی مطابق تراشیں۔

(۱۷) **کف**۔ تیار شدہ کف دیکھ کر بنائیں۔ کف پر دوسرا کپڑا ۲½ انچ چوڑا لگائیں۔ چاک کر کے (کف کی طرح) پٹی لگائیں۔ دو بچے بٹن بند کرنے کے لئے لگائیں۔

(۱۸) **کف**۔ کف میں چنٹ لگا کر دوسرا کپڑا ۶ انچ چوڑا لے کر دوہرا کر لیں۔ کف سے ملا کر مشین کر لیں۔ تیار شدہ کف میں سوئی دکھائی گئی ہے۔ اسی طرح بنائیں۔

(۱۹) **کالر**۔ یہ کالر فراک قمیص۔ بلاؤز اور بچوں کے سوئٹر پر لگایا جاتا ہے۔ (نمونہ تیار شدہ نقشہ سے) مزید بہت کے لئے سوئی لگا کر اور بٹن وغیرہ دکھایا گیا ہے۔

پیٹی کوٹ کے نمونے

(۱) **پیٹی کوٹ**۔ حسب ناپ کپڑا لے کر نقشہ نمونہ نمبر (۱) کی طرح کے مطابق تراشیں۔ (پہلے کپڑے کو دوہرا کر لیں) کھولنے کے بعد نمبر (ب) کے مطابق ہوگا۔ شولڈر اسٹریپ ▭ ایسے نشانات پر مشین کر لیں۔ نیچے (دامن) تاگہ

نکال کر تارکشی کی طرح بنائیں۔ کمر میں
ایسے نشان پر نیچے پٹی کاٹ کر لگائیں۔
اُوپر کی جانب سوراخ رکھیں۔ جس میں ربن
پرو کر لو باندھئے۔ دیکھئے تیار شدہ پیٹی
کوٹ۔ گلے۔ مونڈھے اور اسٹریپ کے اطراف
جالی کی لیس لگائیں۔

الف
گلا
مونڈھے
اسٹریپ
نمبر (۱)

(۲) **پیٹی کوٹ** ۔ حسب ناپ کپڑا لے کر پیٹی کوٹ تراشیں۔ پہلے کپڑے کو دوہرا کر کے نمبر (۱) کے مطابق تراش لیں۔ نیچے کنگورہ تراشیں۔ گلے سے لے کر کمر تک بڑا لمبا چوڑا چنٹ ۲ لگائیں۔ (دیکھئے تیار شدہ پیٹی کوٹ) پھر مشین کر کے تیار شدہ پیٹی کوٹ کی طرح پھول یا خاکہ بنا کر کشیدہ کر لیں۔ گلے۔ مونڈھے اور اسٹریپ پر جالی لیس لگائیں یا کروشیا سے کنگورہ بنائیں۔

(۳) **پیٹی کوٹ** (چولی)

مونڈھے
گلا
چولی

پہلے کپڑا ناپ کر لیں۔ پھر نقشہ کے مطابق تراشیں پہلے کپڑے کو دوہرا کریں۔ پھر مشین کر کے گلے پر عمدہ پھول کشیدہ کریں۔ یا کٹ ورک سے بنائیں۔

گلا
مونڈھے
باڈی

(۴) **پیٹی کوٹ** ۔ فراک کی طرح باڈی و گھیر علیحدہ علیحدہ تراشیں۔ گھیر کے نیچے تاگہ نکال کر تارکشی کی طرح بنائیں۔ تیرہ میں چنٹ ڈال کر باڈی سے ملائیں۔ باڈی نقشہ کی طرح تراش کر کوئی عمدہ پھولوں کی بیل کشیدہ کریں۔

(۵) **چولی** ۔ پیٹی کوٹ کی طرح مونڈھے۔ گلے تراشیں اور اسٹریپ بھی اسی طرح لگائیں۔ بعد میں جالی کی لیس لگا کر دو چُنٹ یعنی پلیٹ کی طرح لگائیں۔ پھر باڈی پر عمدہ پھول یا اسکٹ وغیرہ کشیدہ کریں نیچے ایک انچ موڑ کر بخیہ کر لیں۔

(۶) **ساڑھی کے لئے پیٹی کوٹ** ۔ حسب ناپ کپڑا لے کر (۱) کی مطابق تراشیں۔ (پہلے کمر کی ناپ لے کر) پہلے کپڑے کو

دوہرا کر لیں پھر تراشیں۔ کمر ۳ یا ۴ انچ زیادہ چوڑی رکھیں۔ ایک پٹی ۲ انچ چوڑی کو نیفہ کے لئے (پیٹی کوٹ میں چنٹ لگا کر) پیٹی کوٹ سے ملا کر بخیہ کریں۔ کمر بند ڈال کر نیچے کشیدہ تارکشی اور بٹن ہول اسٹچ سے کنگورہ بنا کر زائد کپڑا تراشئے پھول مختلف رنگوں سے کاڑھئے۔

(۱) بیگ۔

دیکھئے تیار شدہ بیگ
(۴) (۳) (۲) (۱)

اشیاء۔ مخمل۔ استر کے لئے کپڑا۔ موٹا کاغذ۔ تین عدد پیچ بٹن۔ سلمہ وستارہ وگوٹہ۔ لمبان ۱۲ انچ۔ چوڑان ۹ انچ۔ مخمل کا ٹکڑا لے کر اُس پر کاغذ لگا کر اُوپر ہمرنگ کپڑے کا استر لگائیے۔ کاغذ نمبر (۱) سے لے کر نمبر (۴) تک استر (۲) سے لے کر نمبر (۴) تک برابر کرکے رکھ لیجئے۔ یعنی ایک طرف مخمل دوسری جانب استر۔ اب جس مخمل کے رنگ کا بیگ ہے اُس کا ٹکڑا نمبر (۱) سے لے کر نمبر (۲) تک باریک ٹانکوں سے اٹکا لیجئے۔ اب نمبر (۴) کو نمبر (۲) سے ملائیے۔ اطراف کنگورہ کاٹ کر بنائیں۔ یا سادہ رکھیں۔ یہ آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ بعد تیاری اُوپر سے سلمہ ستارہ سے حسب نقشہ بنائیں۔ ○ پیچ بٹن لگائیں۔ کنگورہ پر مشین کرلیں۔ یا گوٹہ باریک ٹانکوں سے لگائیے۔

ڈھکن
نمبر (۲) و نمبر (۴)
اِس طرح ملائیے

(۲) بیگ۔ اشیاء۔ استر کے لئے کپڑا۔ موٹا کاغذ یا کلف دار (باریک) کاغذ۔ ایک بٹن لکڑی کا کپڑے سے ملتا ہوا۔ ربڑ۔ سلمہ ستارہ۔ پھول وغیرہ کے بنانے کے لئے۔

اس طرح تراشیں
(۴) (۲)

لمبان ۱۲ انچ۔ چوڑان ۸ انچ۔ مخمل کا ٹکڑا لے کر اُس پر کلف دار (باریک) کاغذ چسپاں کرکے اوپر ہمرنگ کپڑے کا استر رکھئے۔ کاغذ نمبر (۱) سے لے کر نمبر (۴) تک استر نمبر (۴) سے لے کر نمبر (۲) تک برابر کرکے رکھ لیجئے۔ یعنی اندر کی طرف استر دکھائی دے۔ اب جس مخمل کا بیگ ہے اُسی مخمل کا ٹکڑا نمبر (۱) سے لے کر نمبر (۲) تک رکھ کر باریک ٹانکوں سے (تاگہ ہمرنگ) اٹکا لیجئے۔ اب نمبر (۴) کو نمبر (۲) سے ملائیں۔ (دیکھئے ملایا ہوا) اطراف جی چاہے تو کنگورہ بنائیں۔ ورنہ سادہ رکھ لیجئے۔ بعد تیاری ربڑ سے ایسے نشانات پر ربڑ سے بنائیں۔ • ایسے نشانات پر بٹن لگائیں۔ ◎ ایسا نشان کپڑے کا

ڈھکن
ملایا ہوا

گول ◎ اس طرح بناکر اوپر تاگے سے ٹانک دیں۔ (جس طرح سے بٹن ہول کیا جاتا ہے) پھول بعد تیاری اوپر سلمہ ستارہ و ربن سے بنائیں۔

(۱) بٹوہ۔ مخمل بلوے کر بٹوے کے مطابق بناکر تیار شدہ ہینڈل بازار سے خرید کر اٹکا لیجئے۔ بعد تیاری پھول ربن و سلمہ ستارہ سے بنائیں۔ ایسے نشانات پر سادہ سلمہ سوئی سے ٹانک دیں۔

(۲) نیڈل ورک بیگ۔ مخمل پا پلش سبز رنگ یا ڈارک بلو۔ ربن گلابی۔ سلمہ ستارہ۔ یا شنائل (جس طرح ٹی کوزی کاٹ کر بنائی جاتی ہے۔ اس طرح اس کو بھی بنائیں۔) استر ہم رنگ کپڑے کا (ریشمی ململ) پہلے ٹی کوزی کے مطابق تراشیں۔ تین طرف سے سی کر پھر استر کاٹ کر تین طرف سی لیجئے۔ پھر مخمل کے بنے ہوئے بیگ میں اس طرح سوراخ کرکے اطراف بٹن کریں۔ پھر استر بیگ کھلے ہوئے حصّہ سے سادا گول ملائیں۔ جب سارا سی جائیں تو استر اندر کی جانب کر لیجئے۔ اب ربن ایسے سوراخ میں ڈال کر ایک طرف تیار شدہ بیگ کی طرح بو باندھئے۔ ہاں اگر آپ بہت خوبصورت بنانا چاہتی ہیں تو پہلے یا بعد تیاری نقشہ پھولوں کا ٹریس کرکے (مخمل سے یا شنائل سے) پشت کا کپڑا ہے تو سلمہ و ستارہ سے) بنائیں۔ بہت خوبصورت بیگ بنے گا۔

(۳) نیڈل ورک بیگ۔ اشیاء۔ مخمل ریشمی ململ استر کے لئے۔ ربن سلمہ ستارہ و ایمی ٹیشن موتی۔ مخمل کا ٹکڑا لے کر تیار شدہ بیگ کی طرح قطع کر لیجئے۔ تینوں طرف مشین کرلیں۔ پھر استر قطع کرکے تینوں طرف مشین کریں۔ اب استر بیگ کی کھلی ہوئی جانب سے ملائیں۔ پھر اندر کی جانب رکھیں۔ ایک طرف نقشہ کے نمونے دو چاک رکھیں ربن ڈالیں۔ اب ہینڈل بنائیں۔ ربن نقشہ تیار شدہ کی طرح ٹانک کر ہینڈل بنائیں۔ بعد تیاری سلمہ ستارہ و ایمی ٹیشن موتی سے پھولوں کو بنائیں۔ بہت خوبصورت بیگ تیار ہوگا۔

(۴) شاپنگ بیگ۔ اشیاء۔ کرنٹش ¾ گز لمبا۔ ۱۲ انچ چوڑا۔ رنگین اون۔ بڑی ناک والی سوئی۔ اور ایک چھوٹی سینے کی سوئی۔ دو پٹی کرنٹش ہر ایک ۳ انچ چوڑی اور ۶ انچ لمبی۔ ½ انچ چوڑی پٹی ہینڈل کے لئے۔ بنانے کا طریقہ یہ ہے۔ پہلے ۳ انچ چوڑی پٹی کو دوہرا کرکے ½ انچ سے کم تارکشی کی طرح بناکر کپڑے سے جوڑ لیجئے۔ دونوں جانب ایسے نمونے بنائیں۔ اس کے بعد کراس اسٹیچ ورک سے اون کا کام کر لیجئے۔ جب یہ ختم ہو جائے تو دائیں بائیں مشین یا ہیم سے بنائیں۔ بعد تیاری ½ انچ چوڑی پٹی اس کو ہینڈل کے لئے (دیکھئے تیار شدہ بیگ) بناکر ہیم کر لیجئے۔ بعد تیاری بہت خوبصورت شاپنگ بیگ بن گیا ہوگا۔

اپنے مرغوب کھانوں کو
قوّت بخش بھی بنائیے!
DALDA
VANASPATI
DALDA
COOK BOOK
Price Re 1/-
کیا آپ جانتے ہیں کہ ہمارے اکثر پسندیدہ کھانے دراصل بہت کم مفید ہوتے ہیں۔ بیشک ان سے پیٹ تو ضرور بھر جاتا ہے مگر قوت حاصل نہیں ہوتی۔ اسطرح روزانہ ہماری قوت صرف زیادہ ہوتی ہے اور پیدا بہت کم۔ تندرستی ہزار نعمت ہے کسقدر انوکھا خیال ہے۔ ہماری قابلیت خوش حالی اور تندرستی سب کا دارومدار قوت پر ہے اور اگر ہماری خوراک حسب ضرورت قوت پیدا نہ کرے تو ایک نہ ایک دن اسکا خمیازہ بھگتنا لازمی ہے۔ اسمیں شک نہیں کہ تمام قسم کے کھانے کچھ نہ کچھ قوت ضرور پیدا کرتے ہیں لیکن کچھ کھانے جنھیں ہم اکثر و بیشتر کھاتے ہیں بہت کم قوت پیدا کرتے ہیں۔ اس قسم کے کھانوں میں اگر آپ ایسی غذائیں شامل کرلیں جو بہت زیادہ تقویت بخش ہو تو ساری کمی پوری ہو جاتی ہے ایسے کھانوں کو اگر آپ ڈالڈا سے پکائیں تو یہ بیحد مفید ثابت ہوگا کیونکہ وٹامن آمیز ڈالڈا میں قدرت کے بہترین قوت بخش اجزا شامل ہیں۔ صحت کی حفاظت اور بہتری کے لئے مناسب ہے کہ تمام کھانے ڈالڈا سے پکائے جائیں۔
تمام مستورات کو جاننا چاہئے کہ کون کون سی اشیاء زیادہ قوت بخش ہوتی ہیں ڈالڈا کی لاجواب پکانے کی کتاب (در زبان انگریزی) میں مختلف کھانے پکانے کے طریقے اور دیگر مفید معلومات اور کھانے کے ڈیڑھ سو سے زائد نسخے درج ہیں۔ چار آنے کے ٹکٹ اس پتہ پر ارسال کیجئے۔
Dept C12, P O Box No 253 Bombay
والد کہتے ہیں کہ مجھ میں ہر کام کے لئے بیحد قوت ہے!
وٹامن آمیز ڈالڈا قوت کے لئے

جب آپ سلائی کا دھاگہ خریدیں

بہترین قسم کے دھاگہ کا ایک خاص نام ہوتا ہے۔ وہ نام "درزی" ہے۔ جب کبھی آپ کو سینے کے لئے دھاگہ کی ضرورت ہو تو آپ ہمیشہ ہندوستان کی اس عمدہ ایجاد کو طلب کریں اور یہ اچھی طرح اطمینان کرلیں کہ دوکاندار آپ کو "درزی" ہی مارکہ دھاگہ پیش کرتا ہے۔

مینجنگ ایجنٹس
ولیم گرمشا اینڈ سنز

ہندوستان میں تیار کنندہ

ایکمے تھریڈ کمپنی لمیٹڈ

بنک آف بڑودہ بلڈنگ اپولو سٹریٹ

بمبئی

اسٹاکسٹ و تھوک فروش درخواستیں بھیجیں

ذرا سوچئے تو کہ دوبارہ بنوانے میں کس قدر خرچ ہوگا۔

فی زمانہ کپڑوں کی قیمتیں کس قدر گراں ہیں اگر آپ نے دھوبی کو کپڑے پھاڑنے دیئے تو اسکا مطلب یہ ہے کہ خود آپ نے اپنا روپیہ مٹی میں ملا دیا۔ آپکو چاہئے کہ اپنے کپڑوں کی حفاظت کیجئے اور انہیں عرصۂ دراز تک چلائیے۔ دھوبیوں کے کپڑا دھونے کے بھدّے طریقوں کی کسی وجہ سے بھی ضرورت نہیں ہے۔ آپ سنلائٹ صابون کے ذریعہ بہت زیادہ میلے کچیلے کپڑوں کی بھی میل مٹی آسانی سے صاف کر سکتے ہیں۔ یقیناً آپ نے سنلائٹ صابون کے خود بخود صاف کرنے والے پھین کی بابت سُنا ہوگا۔ قوی ترین دھوبی مضبوط ترین ڈنڈے اور سخت ترین چٹان سے زیادہ اس ملائم اور نازک پھین میں میل مٹی صاف کرنے کی قوت ہے۔ اور یہ میل مٹی دُور کرتے وقت کپڑوں کو نقصان بھی نہیں پہونچاتا ہے۔ مندرجۂ ذیل آسان ہدایات پڑھیئے اور اپنے گھر میں آج ہی سے کپڑے دھونے کا سنلائٹ "صابن اور کفایت" کا طریقہ سکھائیے۔

اپنے دھوبی کو سنلائٹ "صابن اور کفایت" کا طریقہ سکھائیے۔

۱۔ کپڑوں کو اچھی طرح بھگو لیجئے۔ اس طرح کپڑے صابن لگانے جانے کے لائق ہو جاتے ہیں۔ ۲۔ کپڑے کے ہر حصّے میں صابن لگا دیجئے۔ خاص طور پر میلی جگہ پر سنلائٹ کو اچھی طرح رگڑ دیجئے۔ ۳۔ پھر تھوڑی دیر تک کپڑوں کو صابن جذب کر لینے دیجئے۔ پچھاڑنے کی ضرورت نہیں۔ سنلائٹ کا صفائی بخش پھین کپڑوں سے تمام میل مٹی نکال کر اپنے اندر جذب کر لے گا۔ ۴۔ اب اچھی طرح دھوئیے اور دھو کر پھین نچوڑ ڈالئے۔ کیونکہ پھین میں اب میل مٹی شامل ہے۔ بہت زیادہ میلے کپڑے کو ایک بار پھر صابن لگانے کی ضرورت ہوگی۔

LEVER BROTHERS (INDIA) LIMITED

S. 65-60 UD

بلاؤز

(۳)
قمیص
(۵)
(۴)
قمیص (۱)
قمیص (۲)

قمیص (۵)
قمیص (۴)
فراک (۱)
فراک (۳)

فراک (۲)
فراک (۴)
فراک (۵)
فراک (۶)

فراک (۸)
فراک (۷)
فراک (۹)
فراک (۱۱)

فراک (۱۰)

فراک (۱۲)

فراک (۱۳)

فراک (۱۴)

فراک (۱۸)
فراک (۱۵)
فراک (۱۶)
فراک (۱۷)

فراک (۱۹)
فراک (۲۰)
فراک (۲۱)

فراک (۲۴)

فراک (۲۵)

سوٹ (۲)

سوٹ (۱)

فراک (۴)

سوٹ (۳)

نکر (۵) نکر (٦) نکر (۷)

(۸) (۹) (۱۰)

نقشہ دیکھ کر بآسانی تیار کر سکتی ہیں۔ مزید تفصیل کی ضرورت نہیں۔

نوکدار کالر (۱)
فیڈر (۲)
فیڈر (۳)
قمیص کے لئے کالر (۴)

اطلاع اختتامِ سال ۔ جن خواتین کا سال مارچ میں ختم ہوتا ہے اور جن کا ماہ خریداری اپریل ۱۹۴۲ء ہے اُنہیں اپریل کا پرچہ وی پی بھیجا جائے گا۔ اُن کے خریداری نمبر درج ذیل کئے جاتے ہیں۔
اُن سے درخواست ہے کہ منی آرڈر کے ذریعہ اپنا سالانہ چندہ تین روپیہ جس قدر جلد ممکن ہو بھیج دیں جنہیں آئندہ کے لئے خریداری منظور نہ ہو فوراً انکاری خط خریداری نمبر کے حوالہ سے بھیج دیں۔ اگر اُن کا چندہ یا انکاری خط ۵ اپریل تک نہیں آیا تو اُس کے یہ معنی ہوں گے کہ اُنہیں وی۔ پی کا انتظار ہے۔ لہٰذا اپریل کا پرچہ ۱۰ اپریل کو بذریعہ وی۔ پی ہے کا حاضرِ خدمت ہوگا۔ اُمید ہے کہ وی پی کی واپسی سے "جوہرِ نسواں" کی قدردان بہنیں اپنے پرچہ کو انشاءاللہ نہ پہنچا پائیں گی۔ ۳۳ - ۱۶۳۳ - ۱۶۸۳ - ۹ - ۳۴۲۹ - ۴۱۴۹ - ۴۳۴۵ - ۴۲۷۴ - ۵۱۳۲ - باقی ۳۶ پر۔

کف نمبر ۸
نوک دار کالر
(۷)
فراک کے لئے کالر (۹)
کف (۱۰)
فراک کے لئے آستین (۱۱)
کف (۱۲)
کف (۱۳)

کف (۱۵)

کف (۱۴)

آستین (۱۶)

کالر (۱۹)

کف (۱۸)

کف (۱۷)

پیٹی کوٹ (۱)

بقیہ ص۳۲ } ۵۱۵۷ - ۵۱۷۱ - ۵۱۸۱ - ۵۱۸۹
۵۱۹۵ - ۵۲۰۳ - ۵۲۰۹ - ۵۳۸۴ - ۵۳۹۵ - ۵۹۴۸
۶۰۰۲ - ۶۴۹۰ - ۶۵۲۴ - ۶۵۳۱ - ۶۶۴۲ - ۶۶۹۰
۶۶۹۷ - ۶۷۱۳ - ۶۷۳۸ - ۶۷۴۵ - ۷۱۲۳ - ۷۲۹۳
۷۳۱۳ - ۷۳۱۷ - ۷۳۲۱ - ۷۳۲۶ - ۷۳۳۶ - ۷۳۳۹
۷۳۴۰ - ۷۳۴۳ - ۷۳۴۵ - ۷۳۴۹ - ۷۳۵۰ - ۷۳۵۱
۷۳۵۵ - ۷۳۵۹ - ۷۳۹۴ - ۷۷۳۱ - ۷۸۴۲ - ۷۹۲۵
۷۹۲۶ - ۷۹۲۹ - ۷۹۳۲ - ۷۹۳۴ - ۷۹۴۰ - ۷۹۴۳

باقی ص۳۵ پر

بقیہ ص ۳۴ کا { ۷۹۴۸ - ۷۹۵۰ - ۷۹۵۲ - ۷۹۵۳ - ۷۹۵۵ - ۷۹۵۶ - ۷۹۵۷ - ۷۹۵۸ -
۷۹۵۹ - ۷۹۶۰ - ۷۹۶۱ - ۷۹۶۳ - ۷۹۶۴ - ۷۹۶۵ - ۷۹۶۶ - ۷۹۶۷ - ۷۹۶۸ - ۷۹۶۹ - ۷۹۷۰ -
۷۹۷۱ - ۷۹۷۳ - ۷۹۷۴ - ۷۹۷۵ - ۷۹۷۶ - ۷۹۷۷ - ۷۹۷۸ - ۷۹۷۹ - ۷۹۸۰ - ۷۹۸۲ - ۷۹۸۳ -
۷۹۸۷ - ۷۹۸۹ - ۷۹۹۱ - ۷۹۹۳ - ۷۹۹۴ - ۷۹۹۷ - ۷۹۹۹ - ۸۰۰۵ - ۸۰۱۱ (۹۹۵) ۸۰۱۲ -

منیجر

ساڑھی کے لئے پیٹی کوٹ (۷)
ساڑھی کے لئے پیٹی کوٹ
(۶)
نکرو پیٹی کوٹ (۸)

بیگ (۱)
بیگ (۲)

بٹوہ (۱)
نیڈل ورک بیگ نمبر (۳)
نیڈل ورک بیگ (۲)
شاپنگ بیگ نمبر (۴)

بٹوہ نمبر (۵)

ٹی کلاتھ (۱)

ٹرے کلاتھ (۲)

ٹی کوزی

تکیہ غلاف (۱)
ٹی کوزی (۲)
کشن نمبر (۱)
پن کشن نمبر (۲)

تکیہ غلاف
(۲)
پلنگ پوش
(۱)

فلم ستاروں کی طرح اپنی جلد کی حفاظت کیجئے

منورما

منورما کا قول ہے "میری جلد جو ہمیشہ تازہ اور پرشباب دکھائی دیتی ہے اس کا واحد سبب لکس ٹائلیٹ ہے جسکی میں بیحد ممنون ہوں" تقریباً تمام ہندوستانی فلم ستاروں کی مانند وہ بھی اس مشہور "حسن افزا" صابن کو برابر استعمال کرتی ہے وہ کہتی ہے درحقیقت یہ کتنی حیرت انگیز بات ہے کہ لکس ٹائلیٹ صابن کی صاف کرنے والی جھاگ جلد کو کس طرح تمام داغ دھبوں سے محفوظ رکھتی ہے

لکس ٹائلیٹ صابن

LEVER BROTHERS (INDIA) LIMITED

پردہ نمبر (۱)

پردہ نمبر (۲)

کھڑکی کا پردہ نمبر ۳

اور اس نے
لائف بوائے کی
عادت سیکھی ہے!
وہ اس وقت بہت کچھ سیکھ رہا ہے لیکن زندگی میں لائف بوائے
صابن کے روزانہ استعمال کی عادت سے زیادہ کوئی چیز کام
نہیں آئے گی۔
لائف بوائے ایک اچھا صابن ہی نہیں بلکہ
ایک اچھی عادت ہے۔
LIFEBUOY
SOAP

حضرت علامہ راشد الخیری کے مضامین کے متفرق مجموعے

- **درس مشرق** — مغربی تہذیب کے زہرآلود اثر سے خواتین کو محفوظ رکھنے کے لیے نہایت موثر مضامین — ۱۲ر
- **گدڑی میں لعل** — عورتوں کو سگھڑ و ہنرمند، کفایت شعار اور منتظم بنانے کے لیے۔ — ۱۲؎
- **مسلمان عورتوں کے حقوق** — حقوق نسواں کی حمایت میں درد و اثر میں ڈوبے ہوئے مضامین۔ — عہ
- **نالۂ زار** — عورتوں کی مظلومیت کا مرقع، اُن کے مصائب و آلام کی درد انگیز داستان — ۱۴ر
- **بلبل بیمار** — لڑکیوں کی تربیت اور تعلیم اور بے بہا خیالات۔ — ۱۲ر
- **ساجن موہنی** — تسخیر شوہر کا راز۔ میاں بیوی کے تعلقات کی خوشگواری کا نسخہ۔ — ۵ر
- **شادی کا انتخاب** — اولاد کی شادی کے وقت کیا باتیں ضرور دیکھنی چاہئیں۔ — ۱۰ر
- **فریب ہستی** — مسلمان گھرانے اندر ہی اندر کس طرح کھو کھلے ہو رہے ہیں۔ — ۷ر
- **بیلگری کا آخری دن** — اور دوسرے مضامین جنہیں پڑھ کر لڑکیاں کنوارپنے کی قدر کریں گی۔ — ۵ر
- **گلستان مغرب** — خواتین کے مطلب کے چند بہترین انگریزی مضامین کے عام فہم ترجمے۔ — عہ
- **بکھری ہوئی پتیاں** — مختلف موضوعوں پر متفرق مضامین کا دلکش مجموعہ۔ — ۱۲ر

تصانیف محترمہ خاتون اکرم مرحومہ

- **جمال ہمنشین** — فلسفیانہ و شاعرانہ مضامین مع دیباچہ علامہ راشد الخیری مرحوم۔ — عہ
- **گلستان خاتون** — زنانہ لٹریچر کے بلند پایہ غیر فانی افسانوں کا حسین مجموعہ آرٹ کاغذ بار سوم — عار
- **پیکر وفا** — ایک دلآویز سبق آموز نتیجہ خیز افسانہ بار چہارم — ۸ر
- **بچھڑی بیٹی** — ایک مختصر افسانہ جسے پڑھ کر مرحومہ کے کمال افسانہ نگاری کا اعتراف کرنا پڑے گا بار چہارم — ۶ر

تصانیف محترمہ نذر سجاد حیدر صاحبہ

- **نجمہ** — مصنفہ کا بہترین ناول جس کے صرف ایک اعلان پر پانچ سو درخواستیں آگئی تھیں — ۱۲ر
- **جان باز** — مصنفہ کا بہت مشہور اخلاقی اصلاحی ناول حد درجہ دلچسپ — ۱۲ر

تصانیف محترمہ صغرا ہمایوں مرزا ایم۔ آر۔ اے۔ ایس

- **مشیر نسواں یا زہرہ** — ایک دلچسپ اخلاقی ناول جس سے لڑکیوں کو بہت سی مفید باتیں معلوم ہوتی ہیں — عار
- **سرگذشت ہاجرہ** — دلچسپ سبق آموز قصوں کے پیرایہ میں اصلاحی اخلاقی جواہرات کا ذخیرہ — عہ
- **تحریر النساء** — مستورات کے لیے جدید طرز پر خطوط جن میں کام کی باتیں بتائی گئی ہیں — عہ
- **موہنی** — اخلاقی معاشرتی افسانہ جس میں ایرانی معاشرت پر بھی دلچسپ معلومات ہیں — ۱۴ر

تصانیف محترمہ ملقیس بیگم (و۔ا) صاحبہ

- **خانہ داری کے تجربات** — گھرداری کے متعلق بے بہا مشورے پھوہڑوں کو سگھڑ بنانے کے لیے — عہ
- **مفید نسواں** — خانہ داری کے تجربات کا دوسرا حصہ تندرستی بیماری باورچی خانہ کے متعلق قیمتی مضامین — ۱۲ر

تصانیف محترمہ حجاب امتیاز علی

- **ادب زریں** — چھوٹے چھوٹے لطیف مضامین طرز بیان حد درجہ دلآویز — ۱۲ر
- **نغمات موت** — شاعرانہ خیالات تخیل کی بلندی۔ عبارت کی رنگینی۔ ہر مضمون درد میں ڈوبا ہوا — ۱۰ر

دیگر تصانیف محترمہ آمنہ نازلی ادیب فاضل

- **دولت پر قربانیاں** — روپیہ کے لالچ میں تعلیم یافتہ روشن خیال لڑکیوں کی شادیوں کے عبرتناک نتائج — ۱۲ر
- **تاریخی لطیفے** — دنیا کے نامور مصنفوں شاعروں بادشاہوں شہزادیوں کی بذلہ سنجی حاضر جوابی کے نمونے — ۱۲ر
- **ہنسی کی باتیں** — عامیانہ اور بازاری لطیفے نہیں۔ مہذب ظرافت کی کتاب بار سوم — ۸ر
- **عقل کی باتیں** — بڑے بڑے پیغمبروں بادشاہوں ادیبوں فلاسفروں کے زریں اقوال — ۱۲ر

تصانیف محترمہ سرور جہاں رعنا بی۔ اے

- **پھول پھلواری** — پھولوں کی کاشت۔ اور باغیچہ کی نگہداشت موسموں اور بیجوں کا حال — ۱۴ر
- **شہزادی نیلوفر** — اور دوسری کہانیاں، چھوٹے بچوں اور بچیوں کے مطلب کی نہایت دلچسپ — عہ

تصانیف منشی پریم چند

- **دودھ کی قیمت** — منشی جی کی زندگی کے آخری ۲ سال کے بہترین افسانے — ۱۲ر
- **روحانی شادی** — دلچسپ اور نتیجہ خیز عبرتناک اور تفریحی ڈرامہ — ۱۰ر

تصانیف مولانا رازق الخیری

- **سیدہ کی بیٹی** — حضرت زینب کبریٰ کی مفصل و جامع سوانحعمری کربلا کا درد انگیز حال — ۱۲ر
- **وداع راشد** — حضرت علامہ راشد الخیری کا دم واپسین ذاتی اوصاف اور مختلف انسانی حیثیتوں کا دردناک تذکرہ — ۱۲ر
- **عصمت کی کہانی** — مشہور زنانہ رسالہ عصمت کی قریباً تہائی صدی کی تاریخ افسانے سے زیادہ دلچسپ — ۱۲ر

تصانیف مولوی عبدالغفار صاحب الخیری

- **بچوں کی تربیت** — بقول … بچوں کی پرورش اور تربیت پر عام فہم زبان میں بے نظیر مشورے — ۱۴ر
- **حلیمہ** — ایک نیک لڑکی کی زندگی کے سبق آموز حالات دلچسپ پیرایہ میں — ۶ر

تالیفات سید رضا احمد صاحب جعفری

- **وصلی کی دستکاری** — کارڈبورڈ یا گتے کے کام کی … کس طرح مالی پریشانی دور کر سکتی ہیں — ۱۰ر
- **لکڑی کا باریک کام** — یعنی فریٹ ورک۔ یہ کام سیکھ کر معقول آمدنی کی صورت نکل سکتی ہے — ۱۰ر

تصنیفات مولانا سیماب اکبرآبادی

- **زنانہ بستہ** — بچیوں کے لیے دس مفید کتابیں بہت آسان زبان میں بار چہارم — ۱۲ر
- **آفتاب زندگی** — ایک لڑکی کے کنوارپنے کے دلچسپ اور سبق آموز حالات — ۸ر
- **شباب زندگی** — آفتاب زندگی کا دوسرا حصہ شادی کے بعد اسی عورت کے حالات — ۸ر

صاحبزادہ ولی احمد خاں صاحب ایم۔ اے۔ ایم۔ ایف

- **مختصر دنیا** — بالشتیوں کی دنیا میں ایک سیاح جا نکلا ہے بالشتیے۔ دیو سمجھنے لگے۔ بار دوم — ۸ر
- **انشائے سلمیٰ** — لڑکیوں کو خط و کتابت سکھانے کے لیے پسندیدہ کتاب — ۱۲ر
- **اچھوتا سفر** — ایک مہاراجہ کے سفر انگلستان کے نہایت ہی دلچسپ حالات نصف صدی پہلے کے۔ — ۶ر

علمی و ادبی تصانیف

- **دیہاتی گیت** — ڈاکٹر اعظم کریوی نے بڑی محنت سے دیہاتی گیت جمع کر کے ان کا مطلب بیان کیا ہے — ۱۲ر
- **خیابان نسواں** — مولوی نصیر الدین ہاشمی کے دلچسپ پیرایہ میں عورتوں کے لیے مفید مضامین معاشرتی و اخلاقی مسائل — عہ
- **دامن باغباں** — ڈاکٹر سعید احمد بریلوی کے ۷ مختصر افسانے دلآویز پیرایہ میں — ۱۲ر
- **پردہ و تعلیم** — ہندوستان کے دو مشہور ادیبوں کے خیالات۔ اپنی نوعیت کی ایک ہی کتاب ہے — عہ
- **خواتین اندلس** — سپین میں مسلمانوں کے عہد میں کیسی کیسی مدبر بدلہ سنج قابل خواتین گذری ہیں — ۸ر
- **افسانۂ حرم** — دس کہانیاں لڑکیوں کے لیے جن سے اچھی اچھی باتیں معلوم ہوں گی — ۱۲
- **مثنوی عائشہ صدیقہؓ** — اُم المومنین کے منظوم حالات زندگی بحد موثر از جناب وقار دانتی — ۴ر

بچوں اور بچیوں کے لیے مزیدار کتابیں

- **جاپانی کہانیاں** — مسز فضل جاپان گئی تھیں وہاں سے بچوں کے لیے پسندیدہ تحفہ لائی ہیں — ۱۲ر
- **بچوں کی دنیا** — روسی مصنف ٹالسٹائی نے بچوں کے لیے جو کہانیاں لکھی تھیں ان میں سب سے اچھی کہانیاں — ۱۲ر
- **مزیدار کہانیاں** — واقعی ایسے مزے کی کہ ننھے بچے لطف لے کر بار بار پڑھیں۔ باتصویر — ۸ر

زنانہ نظمیں

- **شمع خاموش** — مرحومہ محجوب بیگم لکھنوی کی درد انگیز موثر نظموں کا مجموعہ مرتبہ مولانا رازق الخیری — ۸ر
- **آئینۂ جمال** — دور حاضرہ کی مشہور شاعرہ محترمہ بلقیس جمال بریلوی کی ۹۰ نظموں کا مجموعہ — ۱۲ر

عورتوں کی خاص کتب

- **زچہ خانہ** — از کپتان ڈاکٹر نصیر الدین احمد صاحب۔ ہندوستانی عورتوں کے لیے اس سے بہتر کسی زبان میں کوئی کتاب نہیں چھپی باتصویر ہے۔ دو حصے ہیں۔ حاملہ ۱۲ر زچہ ۶ر ہر دو حصے — للعہ
- **سنگھار خانہ** — عورتوں کے لیے سنگھار و آرائش اور خوبصورتی کے قابل قدر مشورے۔ — ۱۲ر

نامور افسانہ نگار خواتین کے افسانے اور ناول

- **انوری بیگم** — از مسز خدیو جنگ مرحومہ۔ زنانہ لٹریچر کا مشہور و مقبول بلند پایہ ناول بار سوم — ۱۲ر
- **غیرت کی پتلی** — از محترمہ فاطمہ بیگم منشی فاضل۔ تین مختلف الخیال عورتوں کا افسانہ — ۸ر
- **شہید وفا** — محترمہ امۃ الوحی کے ۹ دلچسپ مختصر افسانے بار دوم — ۱۲ر
- **چار رخ** — چار عورتوں کی آپ بیتی از محترمہ انیس فاطمہ — ۶ر
- **فیروزہ** — از محترمہ جمیلہ بیگم۔ ایک دولت مند یتیم لڑکی کا درد بھرا اگر نتیجہ خیز افسانہ — ۱۲ر

نہایت کارآمد کتابیں

- **صنعت و حرفت** — از محترمہ امۃ الحفیظ۔ مختلف چیزیں بنانے کی تجربہ شدہ ترکیبیں مفلسی دور کرنے کا علاج تجارت کر کے کس طرح مالی حالت اچھی بنائی جا سکتی ہے — ۱۲ر
- **تندرستی ہزار نعمت** — از محترمہ زہرا فیضی صحت قائم رکھنے کے اصول یورپ امریکہ کے مشاہدے — ۵ر
- **کپڑے کی چھپائی** — سائنٹفک طریقوں سے کپڑے کس طرح چھاپنے چاہئیں رنگوں کے متعلق معلومات — ۱۲ر
- **آئینۂ موٹر** — موٹر کی مشینری سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے اردو میں سب سے بہتر کتاب — ۱۲ر

محصول ڈاک بذمہ خریدار۔ ملنے کا پتہ: عصمت بک ڈپو۔ کوچہ چیلان دہلی

مصورِ غم حضرت علامہ راشد الخیری کی تصانیف

- آمنہ کا لال — اردو زبان میں مولود شریف کی بہترین کتاب۔ — ۱۲؍
- سیدہ کا لال — مکمل و مفصل تاریخ شہادت کربلا کے دردناک واقعات ترین مراثی۔ — ۱۲؍
- الزہرا — جگر گوشۂ رسول حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا کی بے نظیر سوانح عمری اور کربلا کا مختصر حال۔ — ۱۲؍
- نوبت پنج روزہ — آخری بادشاہ دہلی کے پانچ جشن۔ اسی سال پہلے کی دلی کی جھلک۔ باتصویر۔ — ۱۲؍
- وداعِ خاتون — مشہور ادیبہ محترمہ خاتون اکرم کی جوانمرگی پر خون کے آنسو۔ — ۵؍
- امین کا دم واپسیں — ملکہ زبیدہ خاتون کے لخت جگر شہزادہ امین الرشید کے دردناک قتل کے حالات — ۴؍
- دلی کی آخری بہار — نصف صدی پہلے کی تہذیب تعلقات، وضعداری اور محبت کی پُر اثر کہانیاں — ۱۲؍
- بزمِ رفتگاں — اردو و نثر کے بے مثل مرثیے باکمال ادیبوں اور شعراء کی یاد میں باتصویر — ۱۲؍
- داستانِ پارینہ — چند تاریخی مضامین (باتصویر) جن میں افسانہ سے زیادہ دلچسپی ہے — ۱۴؍

اصلاحی معاشرتی ناول

- حیاتِ صالحہ — یا صالحات۔ دلی کی بیگماتی زبان میں بہترین اخلاقی و اصلاحی سبق آموز ناول — ۱۲؍
- منازل السائرہ — ایک شریر لڑکی کی پیدائش سے موت تک کے واقعات نہایت دلچسپ دلآویز — ۶؍
- صبحِ زندگی — نسیمہ کی پیدائش سے شادی تک کے حالات نہایت موثر پیرایہ میں ۲۳ دفعہ چھپی ہے — ۱۲؍
- شامِ زندگی — نسیمہ کی شادی سے موت تک کے سبق آموز واقعات ۱۲ دفعہ چھپی ہے۔ — ۱۲؍
- شبِ زندگی — دو حصے۔ نسیمہ کی موت کے بعد کے حالات اصلاحِ نسواں کے سلسلہ میں بہترین تصنیف — ۲؍
- نوحۂ زندگی — بیوہ کے نکاح ثانی کے متعلق مصور غم علیہ الرحمۃ کی معرکۃ الآرا تصنیف۔ — ۱۴؍
- طوفانِ حیات — قبیح رسوم شرکت و بدعت وغیرہ دور کرنے کے لیے نہایت دلچسپ درد انگیز اصلاحی ناول۔ — ۱۲؍
- جوہرِ قدامت — دو بہنوں کی مفصل زندگی ایک دورِ قدیم کی پرستار ہے دوسری دورِ جدید کی دلدادہ — ۶؍
- تربیتِ نسواں — یا سمرنا کا چاند۔ دو حقیقی بہنوں کے حالات ایک کی زندگی نہایت کامیاب دوسری کی قطعی ناکام — ۱۲؍

اصلاحی معاشرتی افسانے

- …نت الوقت — وقت کا اندھا دھند ساتھ دینے والی ایک ناعاقبت اندیش لڑکی کا انجام۔ — ۸؍
- سرابِ مغرب — غیر مسلم مدارس میں مسلم لڑکیوں کی تعلیم کا حشر مغربی تقلید کے دردناک نتائج۔ — ۱۰؍
- سنجوگ — ایک نیک لڑکی کی دردناک داستان جس کا نکاح والدین نے سوچ سمجھ کر نہ کیا۔ — ۱۲؍
- سوکن کا جلاپا — ناشاد و نامراد مرحومہ کا افسانۂ غم جس کا نکاح والدین نے سوچ سمجھ کر نہ کیا۔ — ۴؍
- …ودائے نقد — جوان بیٹی کی شادی نہ کرنا سوسائٹی پر کیا اثر ڈالتا ہے ماں کے ہاتھوں بیٹے کا قتل۔ — ۱۲؍
- …ائے سعید — جس میں سعید جیسی بیوہ کے نکاح ثانی کو بے سود ثابت کیا ہے۔ — ۱۰؍
- …ۂ شیطانی — امت شیطانی کے آٹھ کیرکٹر مذاحیہ اور دردانگیز سبق آموز اور نتیجہ خیز۔ — ۱۲؍
- …دوزخ کے اعمال نامے — جو ایک شیطان کی مغفرت کے لیے پیش کیے جاتے ہیں۔ — ۸؍
- …اری شہزادیاں — یا بیلہ میں میلہ۔ مصر کی ماری شہزادیوں کی دل ہلا دینے والی آپ بیتیاں باتصویر۔ — ۱۲؍
- …ستونتی — دلآویز افسانہ جس میں یہ دکھایا ہے کہ مرد کے لیے شریف بیوی سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں — ۸؍
- …ده — محروم وراثت لڑکی کا درد و غم بھرا افسانہ۔ عبرتناک اور سبق آموز۔ — ۸؍
- …نیر نعمت — خلع اور تعداد پر اس سے بہتر افسانہ شائع نہیں ہوا ہنسی بھی آنسو بھی۔ — ۴؍
- …کا راز — تین مختلف الخیال لڑکیوں کا نہایت دلچسپ افسانہ۔ — ۸؍
- …ل ترقی — انسان ترقی کی دھن اور دولت کے نشے میں کیسے کیسے ظلم ڈھاتا ہے۔ — ۴؍
- …ہ گرتہ — ایک بدنصیب ماں اپنے جوان بچے کی بدولت بڑی بڑی مصیبتیں اٹھاتی ہے۔ — ۱۲؍
- …لکی سرگذشت — فیشن اور جدت کی دلدادہ ایک انگریز خاتون کی کہانی اسی کی زبانی — ۱۲؍
- …الم — حیات انسانی پر پرندوں کی بحث اور چند نسوانی کمزوریوں کا خاکہ۔ — ۱۲؍

مختصر افسانوں کے مجموعے

- …بت — ۲۵ سبق آموز اور درد انگیز افسانوں کا مشہور و مقبول مجموعہ۔ — ۱۲؍
- …ہنگ — مصور غم کے بہترین نہایت مؤثر اور معرکۃ الآرا ساٹھ باتصویر افسانے۔ — ۱۲؍

شہنشاہ کا فیصلہ — عہد عباسی کے بغداد کا ایک نہایت دلچسپ نتیجہ خیز افسانہ۔ ۴؍

- طوفانِ اشک — رواج کی چوکھٹ پر مظلوم عورتوں کی قربانیاں۔ دل ہلا دینے والے ۱۲ افسانے۔ — ۱۲؍
- قطراتِ اشک — درد و اثر میں ڈوبے ہوئے افسانوں اور مضامین کا مشہور مجموعہ۔ — ۱۲؍
- خدائی راج — اردو کے سب سے پہلے مختصر افسانہ نگار کے آخری بے مثل افسانوں کا دلاویز مجموعہ۔ — ۱۲؍
- نسوانی زندگی — ۴ افسانے جن میں ماں بیوی بیٹی بہن عورت کی چار حیثیتیں دکھائی گئی ہیں۔ — ۱۰؍
- گوہرِ مقصود — خیالستان کی پری اور لال کی تلاش دو دلچسپ قصے۔ — ۸؍
- گلدستۂ عید — دلاویز مضمونوں اور افسانوں کا مجموعہ رمضان اور عید کا بہترین تحفہ۔ — ۱۲؍
- گردابِ حیات — عورتوں کی اصلاح اور حمایت میں متعدد چھوٹے چھوٹے سبق آموز مؤثر افسانے۔ — ۱۲؍
- بساطِ حیات — حیاتِ انسانی کے متعلق جانوروں کا مشاہدہ چار سبق آموز مؤثر افسانے۔ — ۸؍
- حور اور انسان — آج سے ۲۵ سال پہلے جو معرکۃ الآرا افسانے شائع ہوئے تھے ان میں سے آٹھ افسانے۔ — ۸؍
- نشیب و فراز — آٹھ عورتوں نے اپنی اپنی زندگی کا کوئی اہم واقعہ یا مشاہدہ بیان کیا ہے۔ — ۵؍

مذاحیہ افسانے

- نانی عشو — ۴ افسانے جو مذاحیہ بھی ہیں اور دردناک بھی۔ بہت مشہور کتاب ہے۔ — ۱۰؍
- ولایتی ننھی — بی ننھی نے بڑھاپے میں وہ سوانگ بھرے ہیں کہ ہنسی ضبط نہیں ہوتی — ۸؍
- دادا لال بجکڑ — چار نہایت ہی پُر لطف مذاحیہ لیکن نتیجہ خیز قصے۔ — ۱۰؍

نظموں کے مجموعے

- رودادِ قفس — علامہ مغفور کی درد و اثر میں ڈوبی ہوئی نظموں کا مشہور مجموعہ ساتواں ایڈیشن۔ — ۱۲؍
- گرفتارِ قفس — اس مجموعہ میں بہت مؤثر نظمیں ہیں یہ دوسرا حصہ ہے — ۱۲؍

مذہبی مضامین

- احکامِ نسواں — عورتوں کے متعلق قرآن مجید کے احکام کی تفسیر عام فہم صاف ستھری زبان میں۔ — ۹؍
- محسنِ حقیقی — سرورِ کائنات صلعم کی زندگی کے متفرق نعات اور مجالس میلاد کے مضامین۔ — ۸؍
- دعائیں — سوز و گداز اور درد و اثر میں ڈوبی ہوئی اردو زبان میں نظم و نثر کی دعائیں۔ — ۱۰؍
- قرآنی قصے — ان نبیوں اور پیغمبروں کے حالات جن کا قرآن مجید میں ذکر ہے۔ — ۱۲؍
- زیورِ اسلام — خواتین کے لیے نہایت مؤثر اور دلچسپ مذہبی مضامین۔ — ۱۲؍

ادبِ لطیف

- قلبِ حزیں — چھوٹے چھوٹے لطیف ادبی مضامین نثر میں پاکیزہ شاعری کے بے نظیر نمونے۔ — ۱۲؍
- لڑکیوں کی انشا — خط و کتابت سکھانے کی بہترین کتاب بیگماتی زبان۔ قلعۂ معلی کے محاورے۔ — ۱۴؍
- سلی ہوئی پتیاں — دلی کی ٹکسالی زبان میں چند خطوط جن کا ایک ایک لفظ تیر و نشتر ہے۔ — ۸؍

سیاسی، صحافی، سیاحی مضامین

- شہیدِ مغرب — طرابلس مراکش وغیرہ میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کے معرکے دردانگیز افسانے۔ — ۱۲؍
- یادگارِ تمدن — حقوقِ نسواں کی حمایت میں پہلے اور آخری رسالہ کے متعلق مؤثر مضامین۔ — ۶؍
- عالمِ نسواں — ملکی و غیر ملکی خواتین کی تحریکوں پر علامہ مغفور کے گراں بہا خیالات۔ — ۱۰؍
- سیاحتِ ہند — مختلف مقامات کے معاشرتی حالات اور تعلیم یافتہ خواتین و حضرات کا تذکرہ۔ — ۱۲؍

اسلامی تاریخ بطرز ناول

- ماہِ عجم — فاروق اعظم کے عہد مبارک میں مسلمانوں کے جنگی کارنامے اور افسانۂ محبت۔ — ۶؍
- عروسِ کربلا — واقعۂ کربلا کے دردناک حالات اور محبت کا دلآویز فسانہ — ۱۲؍
- یاسمینِ شام — حضرت عمر فاروق کے زمانۂ خلافت کی اسلامی لڑائیاں۔ — ۱۲؍
- محبوبۂ خداوند — خلیفۂ سوم کے زمانہ میں عیسائیوں کی ٹڈی دل فوج سے مقابلے۔
- تیغِ کمال — ترکوں اور اتحادیوں کی ہولناک خونریز لڑائیاں مصطفےٰ کمال کے حیرت انگیز کارنامے۔ — ۱۲؍
- منظرِ طرابلس — فتحِ طرابلس کے لیے مسلمانوں کا جوش ایمانی محبت کے آتشکدہ میں بیگناہ لڑکی کی قربانی۔
- آفتابِ دمشق — خلیفۂ اول کے زمانہ کا اسلام۔ مسلمانوں اور نصرانیوں کے معرکے۔ — ۱۲؍
- شاہین و دراج — محبت کے جذبات لطیفہ کو لطف و رنگینی سے بیان فرمایا ہے۔ — ۸؍
- درِ شہوار — ایران۔ مازندران سیستان کی ہولناک لڑائیوں کا موقع۔ — ۱۲؍

محصول ڈاک بذمہ خریدار — ملنے کا پتہ: عصمت بک ڈپو دہلی — محصول ڈاک بذمہ خریدار

The "Jauhare-Niswan' Delhi. Regd. Nc

جوہرِ نسواں دہلی

گیارھواں سال | بابتہ جنوری ۱۹۴۵ء | جلد ۲۱ نمبر ۵

اطلاع اختتامِ سال

جن خواتین کا سالِ خریداری ماہِ جنوری میں ختم ہوتا ہے اُنہیں، فروری ۱۹۴۵ء کا پرچہ وی - پی بھیجا جائے گا۔ اُن کے خریداری نمبر درج ذیل کئے جاتے ہیں۔

اُن بہنوں سے درخواست ہے کہ تین روپیہ سالانہ چندہ بذریعہ منی آرڈر جس قدر جلد ممکن ہو بھیج دیں، جنہیں آیندہ کے لئے خریداری منظور نہ ہو فوراً انکاری خط خریداری نمبر کے حوالہ سے بھیج دیں۔ اگر اُن کا چندہ یا انکاری خط ۵ فروری تک نہ آیا تو اُس کے یہ معنی ہوں گے کہ اُنہیں وی - پی کا انتظار ہے۔ لہٰذا فروری کا پرچہ ۱۰ فروری کو بذریعہ وی - پی - سوا تین روپیہ کا حاضرِ خدمت ہوگا۔

اُمید ہے کہ وی - پی کی واپسی سے "جوہرِ نسواں" کی قدردان بہنیں اپنے پرچہ کو نقصان نہ پہنچائیں گی۔

۲۴۸ - ۷۸۱ - ۱۲۹۱ - ۱۴۲۶ - ۲۲۹۴ - ۲۳۵۱ - ۲۶۰۴ - ۳۱۵۰
۳۱۵۸ - ۳۳۲۸ - ۳۵۶۴ - ۴۰۲۲ - ۴۰۲۳ - ۴۰۸۴ - ۴۰۹۱
۴۰۹۵ - ۴۸۰۱ - ۵۰۱۶ - ۵۰۳۰ - ۵۰۶۵ - ۵۸۳۳ - ۵۸۶۶
۵۸۷۷ - ۶۵۲۶ - ۶۵۴۳ - ۶۵۴۴ - ۶۵۵۰ - ۶۵۶۱ - ۶۵۸۴
۶۵۹۴ - ۶۶۱۵ - ۶۶۳۹ - ۶۷۱۵ - ۶۷۲۳ - ۶۸۷۶ - ۶۹۳۱
۷۰۲۵ - ۷۰۹۱ - ۷۲۲۰ - ۷۲۳۹ - ۷۲۴۵ - ۷۲۴۷ - ۷۲۴۹
۷۲۵۵ - ۷۲۶۴ - ۷۲۶۵ - ۷۲۶۹ - ۷۲۷۴ - ۷۲۷۶ - ۷۲۹۶
۷۳۴۱ - ۷۷۳۰ - ۷۷۶۰ - ۷۷۰۰ - ۷۷۸۴ - ۷۷۸۷ - ۷۷۸۹ - ۷۷۹۹
۷۸۰۲ - ۷۸۰۵ - ۷۸۰۶ - ۷۹۱۰ - ۷۸۱۱ - ۷۸۱۲ - ۷۸۱۳ - ۷۸۱۴
۷۸۱۶ - ۷۸۱۹ - ۷۸۲۰ - ۷۸۲۲ - ۷۸۲۳ - ۷۸۲۴ - ۷۸۲۵
۷۸۲۶ - ۷۸۲۷ - ۷۸۲۹ - ۷۸۳۰ - ۷۸۳۱ - ۷۸۳۲ -
۷۸۳۳ - ۷۸۳۴ - ۷۸۳۵ - ۷۸۳۶ - ۷۸۳۷ -
۷۸۳۸ - ۷۸۳۹ - ۷۸۴۴ - ۷۸۴۵ - ۷۸۴۶ - ۷۸۴۸ -

(باقی نمبران صفحہ ۳۳ پر ملاحظہ ہوں)

باہتمام رازق الخیری پرنٹر پبلشر محبوب المطابع دہلی میں چھپ کر دفتر عصمت کوچہ چیلاں دریا گنج دہلی سے شائع ہوا

کچھ جوہری بہنوں سے

جوہرِ نسواں دس سال سے بہنوں کی خدمت میں پیش ہو رہا ہے۔ اس رسالہ کے اجرا نے نسوانی زندگی میں حیرت انگیز انقلاب پیدا کر دیا ہے۔ ہر ماہ متعدد خطوط سے پتہ چلتا ہے کہ جوہرِ نسواں سے کس قدر خواتین فائدہ اُٹھا رہی ہیں اور کتنے برباد ہوتے ہوئے گھروں کو اس کی دستکاریوں نے پھر سے آباد کر دیا۔ جوہرِ نسواں ذاتی مفاد کے لئے نہیں بلکہ ترقیِ قوم کی خاطر جاری کیا گیا ہے۔ شدید سے شدید مصائب برداشت کرنے کے باوجود وہ اسی طرح شاہراہِ ترقی پر گامزن ہے۔ کون نہیں جانتا کہ موجودہ جنگ کی وجہ سے کاغذ کی پریشانی ہے اور پریشانی ہی نہیں بلکہ نایابی ہے۔ لیکن اس حالت میں بھی مصیبتیں اُٹھا کر اور پیسوں کی جگہ روپے خرچ کرکے "جوہرِ نسواں" کی اشاعت کا انتظام کیا گیا۔ اور پرچہ پابندیٔ وقت سے سب کو مل رہا ہے۔

بہنوں نے حوصلہ افزا خطوط لکھے اور ہمت بڑھائی۔ "جوہرِ نسواں" کی قلمی امداد بھی کی اور توسیعِ اشاعت کی طرف توجہ بھی کی۔ ہمیں اس سے کچھ مل نہیں گیا لیکن ہمت بندھی اور حوصلہ بلند ہوا۔ فائدہ ہر حال میں خریداران جوہرِ نسواں ہی کا رہا۔ مگر پنجاب کی ایک محترمہ بہن کے پے در پے دو خطوط ہمیں موصول ہوئے۔ جن کو پڑھ کر بہت ملال ہوا۔ محترمہ فرماتی ہیں:۔

"ہمیں تین روپے سال میں اس سے اچھے رسالے مل سکتے ہیں اور خاص نمبر شائع نہ کرنا سخت بے انصافی ہے۔ ہمیں ڈیڑھ روپے سال کے حساب سے چندہ دینا چاہیئے۔"

جواباً گذارش ہے کہ خاص نمبر صرف کاغذ کی نایابی کی وجہ سے شائع نہیں ہوتے ورنہ دفتر میں کئی مفید کتابوں کے مسودے پڑے ہیں جو خاص نمبر کی صورت میں، اگر کاغذ ہوتا تو، کبھی کے شائع ہو چکے ہوتے۔ رہا یہ کہ تین روپیہ سال میں اس سے بہتر رسالہ مل سکتا ہے۔ محترم بہن! آپ ضرور خریدیئے۔ اگر جوہرِ نسواں آپ کے کام کی اور فائدہ کی چیز نہیں تو ہرگز نہ منگایئے۔ آپ تحریر فرماتی ہیں ستمبر سنہ ۱۹۴۴ء سے اگست سنہ ۱۹۴۴ء تک کی سلسلہ وار فہرست دیکھئے کہ ان پرچوں میں یہ نمونے بالکل بے کار اور ناقابلِ اشاعت ہیں۔ آپ نے جوہرِ نسواں کی دستکار بہنوں، ایڈیٹر اور پبلشر کو بھی نصیحت فرمائی ہے کہ وہ رسالے کی خامیوں کو دور کریں۔ محترمہ بہن! آپ کی نصیحت کا بہت بہت شکریہ۔ خدائے پاک کا فضل ہے کہ اس سال رسالہ کافی کامیاب رہا۔ اور جوہری بہنوں کے حوصلہ افزا خطوط نے ہماری ہمت بڑھائی۔

محترمہ بہنو! رسالے کو کامیاب بنانا جوہری بہنوں کا کام ہے۔ عمدہ عمدہ نمونے۔ نئی نئی دستکاریاں اور کام کی چیزیں بھیج کر اپنے پرچہ کو کامیاب بنانا آپ کا فرض ہے۔ ہر ماہ کم سے کم دو تین سو نمونوں میں سے بیس پچیس قابلِ اشاعت نمونے چھانٹ کر باقی تمام نقشے ردی کی ٹوکری کی نظر کرنے پڑتے ہیں۔ ایڈیٹر کے سامنے دنیا بھر کے رسالوں کا تو نقشہ نہیں ہوتا۔ جب نمونہ پر طبع زاد تک لکھا ہوتا ہے اور خوشنما اور کارآمد نظر آتا ہے تو رسالے کے لئے منتخب کر لیا جاتا ہے۔ اتفاق سے وہ نمونہ یعنی سینکڑوں میں سے کبھی کبھار ایک شائع شدہ ہو تو اُس میں بھیجنے والی کا قصور ہے یا انتخاب کرنے والی کا؟ ہمیں بہت افسوس ہے کہ بہنیں اتنا لکھ دینے پر بھی خیال نہیں فرماتیں اور اکثر نقل شدہ نمونے روانہ کرتی رہتی ہیں۔

ہمیں محترمہ بہن کی نصیحتوں سے بہت خوشی ہوئی اور جو خامیاں اُنہوں نے تحریر فرمائی ہیں اُن کو دُور کرنے کی ضرور کوشش کریں گے۔ مگر افسوس ہے کہ انہوں نے مبالغہ سے کام لیا اور صرف ایک خاص نمبر شائع نہ ہونے کی صورت میں اپنے رسالے کی تمام خوبیاں نظرانداز فرما دیں۔

جنوری سنہ ۱۹۴۵ء سے ہم نے رسالے کا طرز بدل دیا ہے۔ ہمیں احساس ہے کہ نمونوں کے ساتھ مفصل ترکیبیں نہیں ہوتیں۔ اس خامی کے دُور کرنے کی جوہری بہنوں سے بارہا استدعا کی مگر بے سود۔ اب یہ خدمت ہمارے ذمہ ہے۔ اور انشاءاللہ ہر نمونے کی مفصل ترکیبیں ہر ماہ نظر ناظرات ہوتی رہیں گی۔

ہر جوہری بہن کی خدمت میں عرض ہے کہ وہ نقل شدہ اور گذشتہ کاری کے لاتعداد نمونے روانہ فرما کر اپنا جو پیسہ محصول ڈاک میں خرچ کرتی ہیں

نہ لگاڑیں اور صرف عمدہ اور کارآمد نمونے روانہ کریں جو اُن کے بنائے ہوئے ہوں۔

فنِ خیاطی پر کاغذ فراہم نہ ہونے کی وجہ سے ایک مفید کتاب مس زہرہ غلام محمد اور مس مہر النساء کی مرتّب کی ہوئی اب تک شائع نہ ہو سکی۔ انشاء اللہ کاغذ فراہم ہوتے ہی شائع ہوگی۔ اور جوہری بہنیں اُسے دیکھ کر خوش ہوں گی۔

غدیر فاطمہ

دستکاری سے نفرت

آج کل عام لڑکیوں کا نظریہ دستکاری کے متعلق اتنا غلط ہے کہ ان کی گفتگو سے غرور امارت ظاہر ہونے لگتا ہے۔ چاہے انہیں اپنی امارت پر ناز نہ بھی ہو لیکن وہ اس موضوع پر اس غلط طریقے سے گفتگو کرتی ہیں کہ سننے والے یہی سمجھتے ہیں کہ وہ اپنی شان امارت ظاہر کر رہی ہیں:۔

"جب انسان کے حسب منشا ضروریاتِ زندگی
پوری ہو سکیں تو کیوں سوئیاں مارنے کی بلا
گلے ڈالے"

ایک تعلیم یافتہ لڑکی کے اِن الفاظ سے صاف ظاہر ہے کہ اُن کے پاس بفضلِ خدا اتنا سرمایہ ہے کہ وہ بازار سے بنی بنائی چیزیں خرید سکتی ہیں۔

ایک محفل میں کئی دستکاری کی شائق بہنوں نے اسے اپنے لئے ایک چوٹ خیال کر کے گردن نیچی کر لی۔ لیکن دو ایک صاف گو ہستیاں بھی تھیں جنہوں نے بڑے میٹھے طریقہ سے چند ہلکے پھلکے جواب دے کر بہن صاحبہ کی طبیعت صاف کر دی۔ اور اُنہیں احساس ہوگیا کہ لڑکیوں کا دستکاری سے لگاؤ بوجہ غربت نہیں۔ کیونکہ خاندان میں ہی چند لڑکیاں جو مالی حالت میں ان سے کم نہیں دستکاری کی بے حد شائق ہیں اور احساس کرانے والی بہن نے سب کے نام گنوا دئے۔

یہ الفاظ اور بھی قابلِ افسوس ہیں کہ "بھئی اب تو چینیوں کے نفیس کام دیکھ دیکھ کر گھر کے بد وضع ٹانکوں سے نفرت ہوگئی ہے"۔ کیوں چینی لوگ آپ سے کس بات میں بڑھ کر ہیں۔ کیا اِن کے ہاتھ کسی اَور طرح کے بنے ہوئے ہیں۔ جو آپ ویسے دلکش اور نفیس نمونے تیار نہیں کر سکتیں۔ ذرا سے حوصلہ اور عقل کی ضرورت ہے۔ وہی میز پوشش جو چائنا مین آپ کے پاس آٹھ دس روپیہ میں فروخت کرتے ہیں بہت کم لاگت میں تیار ہو جائے گا۔ کفایت شعاری الگ اور خوشی سِوا۔ ہاں اگر بہنیں اپنی آرام طلبی کی وجہ سے نہ کریں تو وہ علیحدہ بات ہے۔ ورنہ دستکاری عیب نہیں ہُنر ہے۔ بے شک یہ غربت زدہ لوگوں کے لئے روزی کا بہترین سہارا ہے۔ لیکن امیروں کے لئے بھی ایک قابلِ تعریف ہنر ہے جس سے نفرت کرنا انتہا درجہ کی کم فہمی ہے۔

ذکیہ افضل

تکیہ کے لئے چند اشعار

جس کا تکیہ ہے الٰہی وہ سدا شاد رہے
بختِ بیدار کے سایہ میں وہ آباد رہے

دل آرام تکیہ خوش انجام تکیہ
سُناتا ہے راحت کا پیغام تکیہ

رکھ کے سر تکیہ پہ تو غافل نہ ہو جا اے بشر
یاد رکھ جانا بھی ہے تجھ کو خدا کے سامنے

عالیجہاں بیگم۔ آنولہ

بقیہ ص ۱

۷۸۴۷ - ۷۸۴۸ - ۷۸۴۹ - ۷۸۵۰ - ۷۸۵۲ - ۷۸۵۸ - ۷۸۵۹ - ۷۸۶۱ - ۷۸۶۴ - ۷۸۶۵ - ۷۸۶۶ - ۷۸۶۹ - ۷۸۷۰ - ۷۸۷۵ - ۷۸۷۶ - ۸۳۱۹ - (۹۱۰۷) ۸۴۳۵ - منیجر

قمیص نمبر۲

خیرا طلی

کوٹ نمبر۱

یہ کوٹ بوسکی کا خوبصورت معلوم ہوگا حسب مرضی رنگ استعمال کریں۔ اگر کوٹ سفید ہے تو گوٹ کے لئے نیلا کپڑا لیجئے۔ ربن اہلا گز سفید رنگ کی۔

ناپ کے مطابق کپڑا سامنے اور پچھائے کے لے کر اُس کو دوہرا کریں۔ اور اس چوہتہ کپڑے کو شکل (۱) کی طرح تراش لیں۔ کھولنے کے بعد شکل (۲) کی طرح نظر آئے گا۔ اب اس کو اطراف سے قدرے تراش لیں۔ پھر سی لیں ۱۹؍ اطراف نیلے رنگ کی گوٹ لگالیں۔ اب آستین قطع کریں۔ دیکھئے شکل (۳) اور آستین کے سروں پر گوٹ لگاکر کوٹ میں لگا لیجئے۔ سامنے حسب نقشہ تین جگہ ربن کی بو باندھ لیجئے۔ یہ کوٹ چار سال تک کے بچوں کے لئے مناسب رہے گا۔

مہر النسا۔ بنت غلام محمد

قمیص (۲)

کپڑا تین گز۔ نگ بٹن ۱۲ عدد (جن کو ہیرے بھی کہتے ہیں)

سامنے اور پچھائے کو علیحدہ علیحدہ ناپ کر الگ ہی قطع کریں۔ پچھلا حصہ مطابق نمبر (۱) تراشئے اور سامنے والا حصہ مطابق نمبر (۲)۔ پچھایا کھول کر نقشے کے مطابق اندر دو پلیٹیں ڈالیں۔ اور سامنے کے حصے قمیص مکمل کی طرح تیار کر کے دونوں جوڑ لیں اور آستین میں کف لگا کر قمیص میں جوڑ لیں۔ گھیر میں دو انچ کپڑا لوٹ کر بخیہ کیا جائے گا۔ اور ایک بالشت لمبے چاک رہیں گے۔ بٹن کی جگہ اور آستین پر نگ لگائیں اور انچ بٹن سے بند کر لیں۔

مہر النساء بنت غلام محمد

کشیدہ کے متعلق "کڑھت کی قسمیں"

خاکہ اُتارنے کی ہدایات

(۱) جس شکل کو کپڑے پر بنانا ہو اُسے پہلے ٹریسنگ پیپر پر لینا چاہیئے

(۲) پھر ٹریسنگ پیپر سے کپڑے پر کاربن پیپر رکھ کر پنسل سے ہلکے ہاتھ سے ٹریس کرنا چاہیئے۔ تاکہ کپڑے پر کاربن پیپر کا دھبہ نہ لگے۔

(۳) شکل کے پُر کرنے میں قدرتی رنگوں کا خیال رکھنا لازمی ہے مثلاً پتوں کا رنگ ہرا یا سبز ہونا چاہیئے۔ پھولوں کے رنگ مختلف ہوں۔ (قدرتی رنگوں کا خاص خیال رکھیں۔)

(۴) تاگہ پختہ رنگ کا چاہیئے تاکہ دھوبی کے ہاں جا کر پھولوں اور پتوں کا رنگ خراب نہ ہو۔

(۵) کڑھت میں صفائی اور نزاکت کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

"جوہر نسواں" کے متعلق میں نے محترمہ اصغری خاتون صاحبہ کی اس قیمتی رائے کو بڑی وقعت کی نظر سے دیکھا۔ محترم بہن نے یہ صحیح خیال ظاہر کیا ہے کہ جدید قسم کی دستکاریاں اور نئی کڑھتیں شائع ہونے سے جوہر نسواں کی کسی خریدار بہن کو کسی دوسرے پرچہ کی ضرورت نہ رہے گی۔

ہر دستکار بہن کو چاہیئے کہ محض نمونہ ہی نہ بھیجیں بلکہ کارآمد مضامین بھی جن میں مفید مشورے جو واقعی بہنوں کے لئے مفید ہو سکیں۔

عزیز بہن محترمہ غلام فاطمہ صاحبہ کی مرتبہ کتاب "کڑھت کی قسمیں" قابلِ تعریف ہے۔ اس سے جوہری بہنوں کو یقین ہے کہ کافی فائدہ حاصل ہو گیا ہوگا۔

فی الحال میں چند کڑھت کی قسمیں اور ٹریس کرنے کی مفصل ترکیب لکھتی ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ اُن بہنوں کو جو کشیدہ کاڑھنے کی بہت شوقین ہیں انشاءاللہ کافی مدد ملیگی۔

مس زہرہ غلام محمد

بہنیں نقشہ دیکھ کر بآسانی کاڑھنے کا طریقہ بھی سیکھ لیں گی۔ میں نے اس لئے انگریزی نام لکھا ہے ہم انگریزی جاننے والی بہنوں کو پڑھنے میں کوئی تکلیف نہ ہو سکے۔ صحیح نام مس زہرہ غلام محمد

(۱) رننگ اسٹچ بہت آسان ہے ہر بہن بآسانی کاڑھ سکتی ہوں گی۔ اس سے جالی میں پھول پتے وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔ (کاغذ کی کمی کی وجہ سے ہر ایک اسٹچ میں سوئی ڈال کر دکھائی گئی ہے۔ یقین ہے کہ بہنوں کو سمجھنے میں کوئی دقت نہ ہوگی جو سمجھ میں نہ آئے تو بذریعہ جوہر نسواں دریافت کر سکتی ہیں)

(۲) بیک اسٹچ سے ڈالی وغیرہ بنائی جاتی ہے۔

(۳) اسٹیم اسٹچ پھول پتے ڈالی وغیرہ کاڑھ سکتی ہیں۔

(۴) کوچنگ اسٹچ۔ اس میں دو رنگ کا تاگہ استعمال کیا جاتا ہے طریقہ نقشہ سے عیاں ہے۔ اس کڑھت سے ٹیبل کلاتھ۔ ٹرے کلاتھ وغیرہ وغیرہ کے اطراف بنا سکتی ہیں۔

(۵ و ۶) چین اسٹچ۔ لیزی ڈیزی اسٹچ نمونہ کے پھول ٹریس کر کے اُون یا ریشم سے ٹی کوزی، کشن، بیگ وغیرہ وغیرہ پر یہ کام بہت خوبصورت رہے گا۔

(۷) ناٹ اسٹچ ڈالی وغیرہ کاڑھنے میں کام آسکتا ہے

(۸) اسپلٹ اسٹچ یہ نئی کڑھت ہے تاگہ کے بیچ میں سوئی ڈال کر نقشہ کے مطابق کاڑھیئے۔

(۹) بٹن ہول اسٹچ یہ تو ہر بہن جانتی ہوں گی۔

(۱۰) اوور کاسٹ اسٹچ کنگورہ وغیرہ کے بنانے میں کام آتا ہے (کٹائی کے کام کی طرح) راؤنڈ کپڑا قطع کر سکتی ہیں۔

(۱۱) روپ اسٹچ۔ یہ کڑھت بھی نئی قسم کی ہے۔ (۱۲) اٹیم اسٹچ۔ پھول پتہ وغیرہ کاڑھا جاتا ہے۔ (۱۳) ہیرنگ بون۔ ڈال، پھول پتے اس سے بہت خوبصورت بنتے ہیں۔ (۱۴) کراس اسٹچ ورک۔ یہ تو ہر بہن جانتی ہوں گی۔ (۱۵) دیسی کڑھت۔ یہ بہت آسان ہے۔ (۱۶) ایلٹ ہول۔ کاڑھنے کا طریقہ نقشہ سے عیاں ہے (۱۷) فرنچ ناٹ۔ ہر بہن جانتی ہوں گی۔

(۱۸) اسٹروک اسٹچ۔ تین وغیرہ بنائی جاتی ہیں۔

(۱۹-۲۰-۲۱-۲۲-۲۳-۲۴-۲۵-۲۶) اُمید ہے کہ

ص

جوہر نسواں دہلی
کڑھت کی قسمیں
ایمبرائیڈری اسٹچ
Embroidery Stitches.
(1) Running stitch.
رننگ اسٹچ
(2) Back Stitch
بیک اسٹچ
(3) stem stitch
اسٹیم اسٹچ
(4) Couching Stitch
کوچنگ اسٹچ
(5) Chain stitch
چین اسٹچ
(6) Ladder stitch
لیڈر اسٹچ
(7) Knot stitch
ناٹ اسٹچ
(8) Split stitch
اسپلٹ اسٹچ
(9) Button Hole Stitch
بٹن ہول اسٹچ
(10)
اوور کاسٹ اسٹچ
Overcast stitch
(11)
روپ اسٹچ
Rope stitch
(12)
ساٹن اسٹچ
Satin Stitch

(13) Herring Bone
ہیرنگ بون
(14) Cross Stitch
کراس اسٹچ
(15) Lazy Daisy
ڈیلسی گرہٹ
(16) Eyelot Hole
ایلیٹ ہول
(17) French Knot
فرنچ ناٹ
(18) Stroke stitch
اسٹراک اسٹچ
(19) Fly stitch
فلائی اسٹچ
(20) Feathering stitch
فیدرنگ اسٹچ
(21) Long and short stitch
لانگ اینڈ شارٹ اسٹچ
(22) Twisted Bars
ٹوئسٹڈ بارز
(23) Hem stitch
ہیم اسٹچ
(24) The foliageis ise Shades
(25) Uneven Blanket stitch
(26) Roumanion Couching

(ناٹ اسٹچ)

پلنگ پوش کے لئے

بیل

سوئی پر دس بل تاگے کے ڈال کر کپڑے پر نکال لیجئے اس کی شکل ایسی ہوگی:-

اس کو ناٹ اسٹچ کہتے ہیں۔ اس بیل کی ہر بند کی اسی طرح بنائی جائے گی۔ یہ کڑھت بہت مضبوط اور خوشنما ہوتی ہے۔ رنگین تاگوں سے کاڑھئے۔

اصغری خاتون
بارہ بنکی

(کٹائی کا کام)

ایک چوڑا کنارا

کٹائی کا کام حد درجہ حسین دستکاری ہے۔ اس کا تیار کرنا بھی ذرا مشکل اور احتیاط کا کام ہے۔ بعد تیاری کنارے بٹن ہول اسٹچ سے بنا کر فاضل کپڑا کتر کر نکال دیجئے۔

اس کنارے کو پلنگ کی چادر اور بڑے میز پوش کے اطراف بنایئے۔

یہ نقشہ سلسلہ وار بنانے سے بیل کی شکل ہو جائے گی۔ نقشہ ٹریس کرنے کے بعد پھول اور پتّوں کے کناروں پر باریک ترپچی کسی مضبوط تاگے سے ڈال لیجئے۔

اور جہاں ایسے نشانات بنے ہیں اُن کو باریک نوک دار قینچی سے تھوڑا تھوڑا تراشو۔ اور خالی جگہ پر مضبوط تاگے کے تار درمیانی حصے کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک ڈالو۔ جب خالی جگہ پر تاگے کا جال ڈل جائے تو اُس کو بٹن ہول اسٹچ کے ذریعہ بھر لو۔ جب سب جال بھر جائے تو پھولوں اور پتّوں کے اطراف بٹن ہول اسٹچ سے بنا کر اندر نسیں کشیدہ سے کاڑھ لو۔ صفائی کا خیال بہت ضروری ہے۔ ورنہ کام اچھا نہ ہوگا۔ مزید تشریح کے لئے ملاحظہ ہو نقشۂ ذیل ←

اصغری خاتون

ایک چوڑا کنارا

ترکیب ص ۱ پر ہے

اصغری خاتون

کونہ

یہ کونہ بھی کٹائی سے بنے گا اور اسی طرح تیار ہوگا جس طرح صفحہ ۱۰-۱۱ پر بتایا گیا ہے۔

ترکیب

بہنیں اِس کو تکیہ کے غلاف میز پوش پلنگ کی چادر پر بنائیں
اس کے لئے سفید یا نیلا ڈی۔ایم۔سی۔ زیادہ موزوں رہے گا۔
× ایسے نشان قطع کئے جائیں گے۔

نجمہ مسعود - اسرائیلی -

بھوپال

(سلمہ ستارہ کا کام)
سنہری ٹوکری
الف۔ رخ

سنہری ٹوکری

(سلمہ ستارہ کا کام) (متعلق صفحہ ۱۴)

سلمہ کا کام حد درجہ خوشنما، مضبوط اور عام دستکاری ہے۔ اگر اس کو جدت کے ساتھ بنایا جائے تو اس کی خوبصورتی اپنا جواب نہیں رکھتی۔ اگر احتیاط سے بنایا گیا تو متعدد بار دُھل کر بھی خراب نہ ہوگا۔

سلمہ سنہری بھوگلی والا۔ سلمہ سنہری سادہ۔ ستارے چھوٹے گول۔ سلمہ سخت کو قدرے کھینچ کر ٹوکری کی ان لکیروں پر ٹانک لیجئے۔ کر کر کر کر جو ایسی ہیں۔ پیندی کے اطراف بھی سخت سلمہ سے بنیں گے۔ ہینڈل بھی اسی کا بنائیے۔ پھر بھوگلی والے سلمہ کے ٹکڑے کتر کر حسب نقشہ پھول اور پتہ بنائیے۔ ہینڈل کے اندر سلمہ سادہ کے ،، دو دو ایسے ٹکڑے جڑ دیجئے۔ یہ دونوں رنگ کی بنائیے۔ سلمہ کی بھی بنا سکتی ہیں۔ گلاب کے اندر ستاروں کا زیرہ بھر دیجئے۔

یہ باسکٹ آرائش اشیاء۔ بیگ۔ کشن اور سنگھار دان کے غلاف وغیرہ پر بہت عمدہ معلوم ہوگی۔ جمپر کے دامن پر بھی بنائی جاسکتی ہے۔

الف۔ خ

آسان بیل

(گوٹہ کا کام)

پتلے لچکے کو ٹانک کر پتی بنایئے اور اسی لچکے کے چوکور ٹکڑے کاٹ کر اور موڑ کر اندر پتی میں ٹانک لیجئے۔ ایسی ہی چوکیاں برابر برابر جوڑ کر درمیانی حصہ بنایئے۔ یہ لمبی لکیر سلمہ سے بنایئے یا کلابتون سے۔ یہ خیال خاص طور پر رہے کہ سنہری لچکے کے ساتھ زرد۔ اور روپہلے کے ساتھ سفید تاگہ استعمال کریں۔

مس ممتاز افتخار

دوپٹّہ

اشیاء۔ ایک انچہ چوڑا گوٹہ - ½ انچہ چوڑا گوٹہ - سفید تاگہ۔

پہلے دوپٹّہ پر ایک انچہ چوڑا گوٹہ لگائیں۔ نمبر (۱) کی طرح۔ جب سارا دوپٹّہ ختم ہو جائے تو بیچ میں آدھ انچہ چوڑے گوٹہ کا مطابق اس ناپ کے پتہ بنائیں۔ یہ پتّہ دو حصوں میں بنے گا۔ اوّل آدھا پتہ آدھ انچہ چوڑے گوٹے کو نچلے سرے پر ٹانک کر اوپری سرے پر ٹانکئے۔ اور پتّہ کی شکل کا موڑ لیجئے۔ اسی طرح نصف پتّہ بنائیے۔ یہ پتّے دوپٹّہ کے اوپر ہی بنائے جائیں گے۔

پتّہ

نمبر (۱)

تیارشدہ دوپٹّہ

نمبر (۱)

زید۔ بی
کراچی

کنول کا پھول

(شنائل کا کام)

شنائل کا کام دو طرح سے بنتا ہے ایک تو شنائل سوئی میں پرو کر کاڑھتے ہیں۔ دوسرا طریقہ شنائل ٹانک کر بنایا جاتا ہے۔ یہ کنول کا پھول شنائل ٹانک کر بنے گا۔ پھول سفید شنائل سے۔ پتّے سبز شنائل سے۔ ڈالی ہلکی سبز شنائل سے ٹانکتے وقت تاگہ ہم رنگ لیں۔

صدیقہ بیگم۔ پشاور

(رشنائل کا کام)

کنول کا پھول

صدیقہ بیگم
بیاور

یہ کونہ دوسوتی یا مائٹی کلاتھ اور کینوس پر بنایا جاتا ہے۔ زیادہ مشق ہو جانے سے ہر کپڑے پر بنانا آسان ہو جاتا ہے۔

حاجی غلام رسولیہ بیگم

(کشیدہ کاری)
فراک کا پھول
انگور کی بیل
جوہری بہن

باسکٹ
باسکٹ ...... زرد
ربن ..... فیروزی
پتے ...... سبز شیڈ دار
پھول ...... مختلف رنگوں سے
امتیاز بیگم۔ قریشی

ب
لٹھے پر ڈی۔ ایم۔ سی
کاٹن سے نقشہ ٹریس کرکے
کاڑھئے۔ خوبصورت معلوم ہوگا۔
آر۔ کے۔ درخشاں

کھانے پکانے کی بہترین کتابیں

عصمتی دسترخوان حصہ اوّل جس کی ایک نمایاں خصوصیت جو اس موضوع کی اور کسی کتاب میں نہ نکلے گی یہ ہے کہ تمام ترکیبیں تجربہ کرنے کے بعد لکھی گئی ہیں اس لیے ترکیبیں بالکل صحیح ہیں اور وزن بالکل درست! ہندوستان بھر کے ہر حصہ کی تقریباً ۸۰ عصمتی بہنوں نے اس کتاب کی تیاری میں حصہ لیا ہے اور ایڈیٹر صاحب عصمت کی اہلیہ محترمہ آمنہ نازلی صاحبہ نے بڑی محبت سے کتاب مرتب فرمائی ہے باورچی خانہ کے انتظام اور کھانوں کے متعلق نہایت قیمتی ہدایات اور مضامین درج کئے گئے ہیں۔ ایک ایک چیز کئی کئی قسم کی تیار کرنے کے لیے بھی عصمتی دسترخوان سے بہتر کتاب ملنی ناممکن ہے۔ چاول سلونے اور میٹھے۔ سوئیاں۔ کھیر۔ فیرنی۔ سادے اور ترکاری کے سالن۔ مچھلی۔ مرغ۔ جیلی۔ بسکٹ پڈنگ۔ کباب۔ کیک۔ دالیں۔ مٹھائیاں۔ حلوے۔ چٹنیاں۔ مربے۔ آچار۔ سموسے۔ بڑے۔ پوری کچوریاں۔ پراٹھے۔ روٹی غرض ہر قسم کے کھانوں کی بڑی بڑی اچھی ترکیبیں ہیں اور ہر چیز کی کئی کئی درجن صحیح ترکیبیں! اس کتاب کا ہر گھرانے میں ہونا ضروریات میں سے ہے بہت سی عورتیں اس کتاب کی بدولت عمدہ عمدہ ذائقہ دار کھانے پکانے لگیں۔ لڑکیوں کو یہ کتاب اشد ضروری سمجھ کر جہیز میں دی جاتی ہے۔ چند ہی سال میں ہاتھوں ہاتھ ۹ ایڈیشن نکل گئے۔ قیمت ۲؎

عصمتی دسترخوان حصہ دوم عصمتی دسترخوان کا دوسرا حصہ ہے جس میں ۱۰۰ صفحوں کے نہایت ہی کارآمد اور قابل قدر مضامین ہیں مثلاً

مشرقی مغربی کھانے ہماری خوراک اور غذا کے متعلق تحقیقی مضامین۔ کھانے کے اصول۔ کھانے کی حفاظت۔ جرمنی باورچی خانہ جاپانی باورچی خانہ۔ پکی سبزی۔ ترکاریوں کے خواص۔ کھانے کا کمرہ۔ اناج کا صندوق۔ ایرانی دعوت وغیرہ۔ ترکیبیں سب نئی اور آزمودہ ہیں اور ایک ایک چیز کی متعدد ترکیبیں۔ عربی۔ ایرانی۔ ترکی۔ جاپانی۔ عراقی۔ روسی۔ اطالوی۔ انگریزی۔ فرانسیسی کھانوں کی کئی ترکیبیں ہیں قیمت ۲؎ عصمتی دسترخوان مکمل یعنی دونوں حصوں کی قیمت ۔ ۵؎

عصمتی ہنڈکلیا سوا سو کھانوں کی صحیح ترکیبیں بچیوں کے مطلب کی درج کی گئی ہیں۔ کھانے پکانے کے متعلق نہایت مفید مضامین اور کارآمد ہدایتیں بھی ہیں قیمت ۱۰؎

ناشتہ دوپہر اور رات کے کھانے سے قبل صبح اور تیسرے پہر کے ناشتے۔ چاء۔ کوکو۔ شربت۔ لسی۔ فالودہ۔ آئس کریم۔ بسکٹ۔ کیک۔ توسٹ۔ کرملائی وغیرہ کی کئی ترکیبیں ہیں قیمت ۱۲؎

بچوں کے کھانے ننھے بچوں کو اصول صحت سے کس قسم کی غذا دینی چاہیئے۔ کون سے کھانے مفید ہیں اور وہ کس طرح تیار ہوتے ہیں۔ کئی درجن تجربہ کی ہوئی ترکیبوں کے علاوہ کارآمد مضامین بھی ملک کے قابل ڈاکٹروں کے لکھے ہوئے ہیں قیمت ۱۰؎

بیماروں کے کھانے بیماروں کے جو کھانے بیحد مفید ہیں اس میں صرف انہی کی ترکیبیں ہیں اور کئی قابل تجربہ کار ڈاکٹروں نے اس کی تیاری میں حصہ لیا ہے۔ ۸؎

مذاقیہ کھانے دولہا بھائی سے نندوئی سے سہیلیوں سے مہذب مذاق کرنے کے نہایت دلچسپ کتاب ہے قیمت ۶؎

زنانہ دستکاری کی مفید کتابیں

عصمتی کروشیا عام فہم ہدایات اور مختلف قسم کی جھالروں۔ کونوں۔ [illegible] کوبوں وغیرہ سے کو ... بہترین نمونے ... چند عنوانات: تاج محل۔ جامع مسجد۔ کلمہ طیبہ۔ گلدان۔ ہرن۔ گھوڑے۔ شیر۔ مرغ۔ راج ہنس۔ بچہ معہ تیر کمان۔ گاڑی۔ عورت مع پنکھا وغیرہ چوتھا ایڈیشن قیمت دو روپیہ ۲؎

عصمتی کشیدہ میز پوش۔ پلنگ پوش۔ چادریں۔ رومال۔ کرسیوں کے گدّے۔ تکیہ کے غلاف وغیرہ کے کئی درجن نمونے۔ دلکش پھول دلآویز بیلیں وغیرہ چوتھا ایڈیشن ۲؎

گلدستہ کشیدہ وضع وضع کے پھول بیلیں۔ کونے۔ بوٹیاں چادر۔ میز پوش۔ گریبان۔ کف وغیرہ کے لیے۔ ۲۰ مشہور دستکار خواتین نے اس کی تیاری میں حصہ لیا ہے چوتھا ایڈیشن ۲؎

گلزارِ درخشاں کشیدہ کاری کے سو بہترین نمونے از محترمہ آر کے درخشاں ۱؎

گلشنِ زہرا ۲۳۴ بیلیں، ۲۰۸ پھول، ۲۰۳ کونے، ۱۱ گملے، ۱۱ ٹوکریاں، ۲۰۵ مرکزی یا وسطی خاکے، ۷ گریبان غرض کشیدہ کے متعدد نمونے ہیں قیمت ۲؎

مجموعۂ کشیدہ کاری پہلے ۴۴ نمونے ان کے بعد نئی نئی وضع کی کڑھت کے ۷۴ نمونے پھر مختلف خواتین کے دیے ہوئے ۳۹ بہترین نمونے ہیں قیمت ۲؎

روح کشیدہ جس میں متعدد نمونے چھوٹے بڑے درمیانی پھولوں، بیلوں، گلدستوں ٹوکریوں مرکز کونوں کے ہیں قیمت ۱؎

کڑھت کی قسمیں مختلف قسم کی کڑھت کی عام فہم ترکیبیں اور ہدایتیں نمونے دیدہ زیب ۲؎

کراس اسٹچ ورک ترچھے ٹانکوں کے کام کی مشہور کتاب۔ چند نمونوں کے عنوانات۔ بطخ۔ چڑیا۔ سارس۔ چوزہ۔ مور۔ بلی۔ چوہا۔ گلہری۔ ہرن۔ ہاتھی۔ اونٹ تیتری وغیرہ۔ پھولوں بیلوں گلدانوں وغیرہ کے بھی بہت سے نمونے ہیں قیمت ۲؎

تارکشی کا کام جس کی مدد سے کپڑے سے دھاگہ نکالنے کا کام آجاتا ہے متعدد نمونے بلاک

گلدستہ تارکشی مضامین اور ہدایتیں نہایت سلیقہ اور محنت سے لکھی گئی ہیں ۵۷ نمونے ہیں ایک سے ایک بہتر ۲؎

اونی کام سلائیوں سے بُننگ کے بہترین نمونے۔ مضامین اور ہدایتیں عام فہم۔ بلاک رنگین اور سادے نمونے بہت کافی ہیں دوسرا ایڈیشن قیمت

موتیوں کا کام ۴۰ پھول، ۲۰ بیلیں، ۲۶ جھالریں، ۳۰ فریم، ۱۱۱ نسرشن، ۳ جال ۱۱ پنکھے ہینڈ اور منی بیگ، ۹ پردے ان کے علاوہ متعدد اور نمونے، ترکیبیں مفصّل اور مکمل ۲۷ عصمتی بہنوں نے یہ کتاب تیار کی ہے بار سوم قیمت تین روپیہ ۳؎

سلمہ ستارہ کا کام کلابتون۔ شکوئیس سلمہ۔ گجائی۔ موتی۔ ستارہ وغیرہ کے کام کے ۲۲۶ نمونے دیدہ زیب۔ مرحومہ خدیجہ بائی کی دستکاری کی یادگار ہے ۲؎

چمنستانِ خیاطی یا سوئی کا کام بچوں کے کپڑے سوٹ جانگئے۔ باڈی پجامہ سینہ بند قمیض۔ زنانہ کپڑے لباس شب خوابی۔ انڈرویر۔ کالر کف، بلاوز جمپر غرض کٹائی سلائی کی ترکیبیں اور نمونے بہترین قیمت ۲؎

گلستانِ خیاطی کپڑے کی کٹائی سلائی کی بہترین کتاب قیمت ۲؎

گوٹہ کناری کا کام ہندوستان کی قدیم و مشہور صنعت پر بیش بہا کتاب سوا سو کے قریب دیدہ زیب نمونے ہیں ترکیبیں عام فہم ہیں۔ قیمت صرف دو روپیہ ۲؎

جالی کا کام لہریں۔ جال۔ سیدھے اُلٹے فیتے۔ گملے پھول بیلیں۔ گلدستے۔ مختلف وضع کے متعدد ہیں۔ ہدایتیں بہت آسان مگر مکمل ہیں بار دوم قیمت دو روپیہ ۲؎

شمیم سوزن کاری جس میں زر کا کام۔ ڈار جینا ورک۔ کامدانی کا کام کانچ کے ٹکڑوں کا کام۔ سلک ایمبرائڈری اور کروشیا کے نمونے ڈیڑھ سو کے قریب ہیں معہ ہدایات ۲؎

محصولڈاک بذمہ خریدار — **ملنے کا پتہ:- عصمت بک [illegible] کوچہ چیلان۔ دہلی** — محصولڈاک بذمہ خریدار

مصنفہ حضرت علامہ راشد الخیری کی تصانیف

- **آمنہ کالال** — اُردو زبان میں مولود شریف کی بہترین کتاب۔ — [illegible]
- **سیدہ کالال** — مکمل و مفصل تاریخ شہادت کربلا کے دردناک واقعات ترین بے مثل مراثی۔ — [illegible]
- **الزھرا** — جگر گوشۂ رسول حضرت بی بی فاطمۃ الزھرا کی بے نظیر سوانحعمری اور کربلا کا مختصر حال۔ — [illegible]
- **نوبت پنج روزہ** — آخری بادشاہ دہلی کے پانچ جشن۔ اسی سال پہلے کی دلی کی جھلک۔ باتصویر۔ — [illegible]
- **وداعِ خاتون** — مشہور ادیبہ محترمہ خاتون اکرم کی جوانمرگی پر خون کے آنسو۔ — ۵ر
- **امین کا دم واپسیں** — ملکہ زبیدہ خاتون کے لخت جگر شہزادہ امین الرشید کے دردناک قتل کے حالات — ۴ر
- **دلی کی آخری بہار** — نصف صدی پہلے کی تہذیب تعلقات، وضعداری اور محبت کی پُر درد کہانیاں۔ — [illegible]
- **بزمِ رفتگاں** — اردو نثر کے بے مثل مرثیے باکمال ادیبوں اور شعراء کی یاد میں باتصویر۔ — ۱۲ر
- **داستانِ پارینہ** — چند تاریخی مضامین (باتصویر) جن میں افسانہ سے زیادہ دلچسپی ہے — ۱۴ر

اصلاحی معاشرتی ناول

- **حیاتِ صالحہ** — یا صالحات۔ دلی کی بیگماتی زبان میں بہترین اخلاقی و اصلاحی سبق آموز ناول — [illegible]
- **منازل السائرہ** — ایک شریر لڑکی کی پیدائش سے موت تک کے واقعات نہایت دلچسپ و دلآویز — [illegible]
- **صبحِ زندگی** — نسیمہ کی پیدائش سے شادی تک کے حالات نہایت مؤثر پیرایہ میں ۲۳ دفعہ چھپی ہے — [illegible]
- **شامِ زندگی** — نسیمہ کی شادی سے موت تک کے سبق آموز واقعات ۱۲ دفعہ چھپی ہے۔ — [illegible]
- **شبِ زندگی** — دو حصے۔ نسیمہ کی موت کے بعد کے حالات اصلاح نسواں کے سلسلہ میں بہترین تصنیف — [illegible]
- **نوحۂ زندگی** — بیوہ کے نکاح ثانی کے متعلق مصنف مرحوم علیہ الرحمۃ کی معرکۃ الآرا تصنیف۔ — ۱۴ر
- **طوفانِ حیات** — قبیح رسوم شرکت و بدعت وغیرہ دور کرنے کے لیے نہایت دلچسپ درد انگیز اصلاحی ناول — [illegible]
- **جوہرِ قدامت** — دو بہنوں کی مفصل زندگی ایک دورِ قدیم کی پرستار دوسری دورِ جدید کی دلدادہ۔ — [illegible]
- **تربیتِ نسواں** — یا سمرنا کا چاند۔ دو حقیقی بہنوں کے حالات ایک کی زندگی نہایت کامیاب دوسری کی قطعی ناکام — [illegible]

اصلاحی معاشرتی افسانے

- **بنت الوقت** — وقت کا اندھا دھند ساتھ دینے والی ایک ناعاقبت اندیش لڑکی کا انجام۔ — ۱۰ر
- **سرابِ مغرب** — غیر مسلم مدارس میں مسلم لڑکیوں کی تعلیم کا حشر مغربی تقلید کے دردناک نتائج۔ — ۱۰ر
- **سنجوگ** — ایک نیک لڑکی کی دردناک داستان جس کا نکاح والدین نے سوچ سمجھ کر نہ کیا۔ — ۱۲
- **سوکن کا جلاپا** — ناشاد و نامراد ممنونہ کا افسانۂ غم جس کا نکاح والدین نے سوچ سمجھ کر نہ کیا۔ — ۶ر
- **سودائے نقد** — جوان بیٹی کی شادی نکرنا سوسائٹی پر کیا اثر ڈالتا ہے۔ ماں کے ہاتھوں بیٹے کا قتل۔ — ۶ر
- **فسانۂ سعید** — جس میں سعید جیسی بیوہ نے نکاح ثانی کو بے سود ثابت کیا ہے۔ — ۱۰ر
- **تمغۂ شیطانی** — امت شیطانی کے آٹھ کیرکٹر مذاحیہ اور درد انگیز سبق آموز اور نتیجہ خیز۔ — ۱۴ر
- **سات روحوں کے اعمالنامے** — جو ایک شیطان کی مغفرت کے لیے پیش کیے جاتے ہیں۔ — ۱۰ر
- **[illegible] شہزادیاں** — یا بیلۂ یمن، سیدہ، مصر کی ماری شہزادیوں کی دل ہلا دینے والی آپ بیتیاں باتصویر۔ — ۱۴ر
- **ستونتی** — دلآویز افسانہ جس میں یہ دکھایا ہے کہ مرد کے لیے شریف بیوی سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں — ۸ر
- **سوودہ** — محرومِ وراثت لڑکی کا درد و غم بھرا افسانہ۔ عبرتناک اور سبق آموز۔ — ۱۰ر
- **تفسیرِ عصمت** — خلع اور ارتداد پر اس سے بہتر افسانہ شائع نہیں ہوا ہنسی بھی آنسو بھی۔ — ۶ر
- **انگوٹھی کا راز** — تین مختلف الخیال لڑکیوں کا نہایت دلچسپ افسانہ۔ — ۸ر
- **منازلِ ترقی** — انسان ترقی کی دھن اور دولت کے نشے میں کیسے کیسے ظلم ڈھاتا ہے۔ — ۴ر
- **بچہ کی کرتوت** — ایک بدنصیب ماں اپنے جوان بچہ کی بدولت بڑی بڑی مصیبتیں اٹھاتی ہے۔ — ۴ر
- **ولایتی سرگزشت** — فیشن اور جدت کی دلدادہ ایک انگریز خاتون کی کہانی اسی کی زبانی — ۴ر
- **چہار عالم** — حیات انسانی پر پرندوں کی بحث اور چند نسوانی کمزوریوں کا خاکہ۔ — ۴ر

مختصر افسانوں کے مجموعے

- **جوہرِ عصمت** — ۱۲ سبق آموز اور درد انگیز افسانوں کا مشہور و مقبول مجموعہ۔ — [illegible]
- **سیلابِ اشک** — مصنف مرحوم کے بہترین نہایت مؤثر اور معرکۃ الآرا سات باتصویر افسانے۔ — [illegible]

- **طوفانِ اشک** — رواج کی چوکھٹ پر مظلوم عورتوں کی قربانیاں دل ہلا دینے والے ۱۲ افسانے۔ — [illegible]
- **قطراتِ اشک** — درد و اثر میں ڈوبے ہوئے افسانوں اور مضامین کا مشہور مجموعہ۔ — [illegible]
- **خدائی راج** — اردو کے سب سے پہلے مختصر افسانہ نگار کے آخری بے مثل افسانوں کا دلآویز مجموعہ۔ — [illegible]
- **نسوانی زندگی** — ۴ افسانے جن میں ماں بیوی بیٹی بہن عورت کی چار حیثیتیں دکھائی گئی ہیں۔ — ۱۰ر
- **گوہرِ مقصود** — خیالستان کی پری اور لال کی تلاش دو دلچسپ قصے۔ — ۶ر
- **گلدستۂ عید** — دلآویز مضمونوں اور افسانوں کا مجموعہ رمضان اور عید کا بہترین تحفہ۔ — ۱۲ر
- **گردابِ حیات** — عورتوں کی اصلاح اور حمایت میں متعدد چھوٹے چھوٹے سبق آموز مؤثر افسانے۔ — [illegible]
- **بساطِ حیات** — حیاتِ انسانی کے متعلق جانوروں کا مشاہدہ چار سبق آموز مؤثر افسانے۔ — ۸ر
- **حور اور انسان** — اب سے ۲۵ سال پہلے جو معرکۃ الآرا افسانے شائع ہوئے تھے ان میں سے آٹھ افسانے۔ — [illegible]
- **نشیب و فراز** — آٹھ عورتوں نے اپنی اپنی زندگی کا کوئی اہم واقعہ یا مشاہدہ بیان کیا ہے۔ — ۵ر

مذاحیہ افسانے

- **نانی عشو** — ۴ افسانے جو مذاحیہ بھی ہیں اور دردناک بھی۔ بہت مشہور کتاب ہے۔ — ۱۰ر
- **ولایتی ننھی** — بی ننھی نے بڑھاپے میں وہ سوانگ بھرے ہیں کہ ہنسی ضبط نہیں ہوتی — ۸ر
- **دادا لال بجکڑ** — چار نہایت ہی پُرلطف مذاحیہ لیکن نتیجہ خیز قصے۔ — ۱۰ر

نظموں کے مجموعے

- **رودادِ قفس** — علامہ مغفور کی درد و اثر میں ڈوبی ہوئی نظموں کا مشہور مجموعہ ساتواں ایڈیشن — ۱۲ر
- **گرفتارِ قفس** — اس مجموعہ میں مست مؤثر نظمیں ہیں یہ دوسرا حصہ ہے۔ — [illegible]

مذہبی مضامین

- **احکامِ نسواں** — عورتوں کے متعلق قرآن مجید کے احکام کی تفسیر عام فہم صاف ستھری زبان میں۔ — [illegible]
- **حُسنِ حقیقی** — سرورِ کائنات صلعم کی زندگی کے متفرق واقعات اور مجالس میلاد کے مضامین۔ — ۸ر
- **دعائیں** — سوز و گداز اور درد و اثر میں ڈوبی ہوئی اردو زبان میں نظم و نثر کی دعائیں۔ — ۱۰
- **قرآنی قصے** — ان نبیوں اور پیغمبروں کے حالات جن کا قرآن مجید میں ذکر ہے۔ — [illegible]
- **زیورِ اسلام** — خواتین کے لیے نہایت مؤثر اور دلچسپ مذہبی مضامین۔ — [illegible]

ادبِ لطیف

- **قلبِ حزیں** — چھوٹے چھوٹے لطیف ادبی مضامین نثر میں پاکیزہ شاعری کے بے نظیر نمونے۔ — ۱۴ر
- **لڑکیوں کی انشا** — خط و کتابت سکھانے کی بہترین کتاب بیگماتی زبان قلعۂ معلیٰ کے محاورے۔ — ۱۴ر
- **مسلی ہوئی پتیاں** — دلی کی ٹکسالی زبان میں چند خطوط جن کا ایک ایک لفظ تیر و نشتر ہے۔ — ۸

سیاسی، صحافی، سیاحی مضامین

- **شہیدِ مغرب** — طرابلس، مراکش وغیرہ میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کے مقابلے ۱۲ درد انگیز افسانے۔ — [illegible]
- **یادگارِ تمدن** — حقوقِ نسواں کی حمایت میں پہلے اور آخری رسالہ کے متعلق مؤثر مضامین۔ — ۶ر
- **عالمِ نسواں** — ملکی و غیر ملکی خواتین کی تحریکوں پر علامہ مغفور کے گراں بہا خیالات۔ — ۱۰ر
- **سیاحتِ ہند** — مختلف مقامات کے معاشرتی حالات اور تعلیم یافتہ خواتین و حضرات کا تذکرہ۔ — [illegible]

اسلامی تاریخ بطرز ناول

- **ماہِ عجم** — فاروق اعظمؓ کے عہد مبارک میں مسلمانوں کے جنگی کارنامے اور فسانۂ محبت۔ — [illegible]
- **عروسِ کربلا** — واقعہ کربلا کے دردناک حالات اور محبت کا دلآویز فسانہ۔ — [illegible]
- **یاسمینِ شام** — حضرت عمر فاروق کے زمانہ خلافت کی اسلامی لڑائیاں۔ — [illegible]
- **محبوبۂ خداوند** — خلیفہ سوم کے زمانہ میں عیسائیوں کی ٹڈی دل فوج سے مقابلے۔ — ۵ر
- **تیغِ کمال** — ترکوں اور اتحادیوں کی ہولناک اور خونریز لڑائیاں مصطفےٰ کمال کے حیرت انگیز کارنامے۔ — [illegible]
- **منظرِ طرابلس** — تحریک طرابلس کے لیے مسلمانوں کا جوشِ ایمانی محبت کے آتشکدہ میں بیگناہ لڑکی کی قربانی۔ — ۶ر
- **آفتابِ دمشق** — خلیفۂ اول کے زمانہ کا اسلام مسلمانوں اور نصرانیوں کے معرکے۔ — [illegible]
- **شاہین و دراج** — محبت کے جذبات لطیفہ کو لطف و رنگینی سے بیان فرمایا ہے۔ — ۱۰ر
- **درِ شہوار** — ایران۔ مازندران سیستان کی ہولناک لڑائیوں کا موقع۔ — ۱۲ر

شہنشاہ کا فیصلہ — عہد عباسی کے بغداد کا ایک نہایت دلچسپ نتیجہ خیز افسانہ۔ ۴ر

محصول ڈاک بذمہ خریدار — ملنے [illegible] عصمت بک ڈپو دہلی — محصول ڈاک بذمہ خریدار

Regd. 1934

یادگار محترمہ خاتون اکرم جنت مکانی

جوہرِ نسواں دہلی

جلد ۲۳ نمبر ۴
دسمبر
۱۹۴۵ء

جوہرِ نسواں دہلی

بارھواں سال ۱۲	بابتہ ماہ دسمبر ۱۹۴۵ء	جلد نمبر ۲۳ ۴

اطلاعِ اختتامِ سال

جن خواتین کا سالِ خریداری دسمبر ۱۹۴۵ء میں ختم ہوتا ہے انہیں جنوری ۱۹۴۶ء کا پرچہ وی۔پی۔ بھیجا جائے گا۔ ان کے خریداری نمبر درج ذیل کئے جاتے ہیں۔

ان بہنوں سے درخواست ہے کہ تین روپیہ سالانہ چندہ بذریعہ منی آرڈر جس قدر جلد ممکن ہو بھیج دیں۔ جنہیں آئندہ کے لئے خریداری منظور نہ ہو فوراً انکاری خط خریداری نمبر کے حوالہ سے بھیجدیں۔ اگر ان کا چندہ یا انکاری خط ۵، دسمبر تک نہ آیا تو اس کے یہ معنی ہوں گے کہ انہیں وی۔پی کا انتظار ہے۔ لہذا جنوری کا پرچہ ۱۰ جنوری کو بذریعہ وی۔پی سوا تین روپیہ کا حاضر خدمت ہوگا۔ امید ہے کہ وی۔پی۔ کی واپسی سے "جوہر نسواں" کی قدردان بہنیں اپنے پرچہ کو نقصان نہ پہنچائیں گی۔ + منیجر

۴۸۱۳-۴۹۹۶-۵۰۰۹-۵۰۵۷-۵۲۳۹-۵۳۵۱-۵۴۱۶-۵۷۸۱-
۵۸۰۵-۵۸۴۸-۵۹۶۸-۶۳۵۷-۶۵۰۴-۶۵۰۵-۶۵۰۹-۶۵۲۵
۶۵۳۷-۶۵۸۹-۶۷۷۱-۷۰۴۸-۷۱۷۲-۷۱۷۴-۷۱۸۲-۷۱۸۸-۷۱۹۱
۷۲۰۰-۷۲۰۵-۷۲۰۶-۷۲۰۸-۷۲۱۴-۷۲۱۶-۷۲۱۷-۷۲۲۲
۷۲۲۴-۷۲۲۸-۷۲۷۷-۷۶۵۳-۷۶۶۴-۷۶۹۶-۷۷۰۸
۷۷۱۲-۷۷۳۸-۷۷۳۹-۷۷۴۱-۷۷۴۴-۷۷۴۶-۷۷۵۸
۷۷۵۹-۷۷۶۲-۷۷۶۴-۷۷۶۷-۷۷۶۸-۷۷۷۱-۷۷۷۴
۷۷۷۷-۷۷۸۱-۷۷۸۲-۷۷۸۶-۷۷۹۰-۷۷۹۱-۷۷۹۲-
۷۷۹۴-۷۷۹۷-۷۷۹۸-۷۸۰۳-۷۸۰۴-۷۸۰۷-۷۸۱۵
۷۸۱۸-۷۹۲۷-۷۹۷۲-۷۹۹۰-۸۰۱۷-۸۰۷۱-۸۱۲۰-
۸۱۸۲-۸۲۳۲-۸۴۱۷-۸۴۸۲-۸۴۸۶-۸۴۹۶-۸۵۰۳
۸۵۰۶-۸۵۰۷-۸۵۱۱-۸۵۲۱-۸۵۲۲-۸۵۲۶-۸۵۲۸
۸۵۲۹-۸۵۳۲-۸۵۳۳-۸۵۳۴-۸۵۳۵-۸۵۳۶-۸۵۳۷
۸۵۳۹-۸۵۴۰-۸۵۴۲-۸۵۴۳-۸۵۴۴-۸۵۴۵-۸۵۴۶-۸۵۴۷
۸۵۴۸-۸۵۴۹-۸۵۵۰-۸۵۵۱-۸۵۵۲-۸۵۵۳-۸۵۵۴-۸۵۵۶
۸۵۵۷-۸۵۵۸-۸۵۵۹-۸۵۶۰-۸۵۶۲-۸۵۶۴-۸۵۶۵-۸۵۶۶
۸۵۶۷-۸۵۶۸-۸۵۶۹-۸۵۷۰-۸۵۷۱-۸۵۷۲-۸۵۷۳-۸۵۷۴
۸۵۷۵-۸۵۷۶-۸۵۷۷............۸۵۷۸-۸۵۷۹-۸۵۸۰
۸۵۸۲-۸۵۸۳-۸۵۸۴-۸۵۸۵-۸۵۸۶-۸۵۸۷-۸۵۸۸-۸۵۸۹
۸۵۹۰-۸۵۹۱-۸۵۹۲-۸۵۹۳-۸۵۹۴-۸۵۹۵-۸۵۹۶-۸۵۹۷-
۸۵۹۸-۸۵۹۹-۸۶۰۰-۸۶۰۱-۸۶۰۲-۸۶۰۳-۸۶۰۴-۸۶۰۶-
۸۶۰۷-۸۶۰۸-۸۶۰۹-۸۶۱۱-۸۶۱۲-۸۶۱۳-۸۶۱۵-۸۶۱۶-۸۶۱۸
۸۶۱۹-۸۶۳۵-۸۶۳۸-۸۶۳۹-۸۶۵۳-۸۷۱۳-۸۷۳۷-۸۸۷۷
۸۸۷۹-۸۸۸۳-۸۸۸۷-۸۹۱۴-۸۹۲۹-۸۹۳۴-۸۹۳۹-۸۹۶۴
۹۰۳۰-۹۰۴۶-۹۰۶۲-۹۰۷۷-۹۳۸۳-۹۴۱۲-۹۱۹۳-۹۵۶۰-

(باہتمام حاذق الخیری پرنٹر پبلشر محبوب المطابع دہلی میں چھپکر دفتر عصمت کوچہ چیلان دہلی سے شائع ہوا)

کچھ جوہری بہنوں سے

اس رسالے کے ساتھ ۴۵ء ختم ہو رہا ہے جنگ عظیم کے خوفناک زمانے میں جبکہ ہر کام مصیبت تھا۔ جوہر نسواں نے جن جن سختیوں کا مقابلہ کیا وہ جوہری بہنوں سے پوشیدہ نہیں کاغذ کی کمی نے رسالے کی وہ شان نہیں رکھی جو پیشتر تھی۔ بلاک نہ بننے سے خوبصورتی میں بھی کمی ہوئی اور بہت سے عمدہ نمونے باقی رہ گئے جن سے بہنوں کو بہت فائدہ پہنچ سکتا تھا۔

جنگ تمام ہوئی اور اُمید ہے کہ جلد ان مصیبتوں کا خاتمہ بھی ہو جائے گا۔ رسالہ مدّت سے ۲۰ صفحوں کا شایع ہو رہا تھا مگر اب ۴ صفحے اور بڑھا دئے گئے۔ امید ہے ۴۶ء میں پرچہ اپنی سابقہ شان پر آئیگا مگر بہنوں سے بھی یہ عرض ہے کہ بیکار کشیدہ کے اور نقل شدہ نمونے بھیجنے اور محصول کا بار اُٹھانے سے بہتر ہے کہ نمونے نہ بھیجے جائیں۔

تارکشی، کروشیا، ننٹنگ، سما ٹنگ ہارڈنجر، اپلیک، سلمہ ستارہ، خیاطی، اور صدہا قسم کی دستکاریوں کے عمدہ نمونے بھیجنے چاہئیں جن سے پرچے کی زینت بڑھے اور بہنوں کو فائدہ ہو۔ نیز دستکاری سے متعلق مفید مضامین۔ تجربے اور ضروری باتیں جو عورتوں کے لئے کارآمد ہوں بہت خوشی کے ساتھ درج رسالہ کی جائیں گی۔

ایڈیٹر

کہنے کی باتیں

(دستکاری کے متعلق)

بیشک جوہر نسواں اپنی خدمات خیر و خوبی کے ساتھ انجام دے رہا ہے۔ مجھے جوہر نسواں کی معنوی خوبیوں پر کوئی اعتراض نہیں صرف چند باتیں ایسی ہیں جن سے نہ صرف مجھے بلکہ اور جوہری بہنوں کو بھی شکایت ہے۔

ہندوستان میں سینکڑوں رسالے شایع ہوتے ہیں۔ مگر جہانتک ہمیں معلوم ہے جوہر نسواں ایک ہی دستکاری کا رسالہ ہے۔ اسلئے جوہر نسواں میں ایسے نمونے شایع ہونے چاہئیں جو خواتین ہند کے لئے مفید اور کارآمد ثابت ہوں۔

محترمہ عزیز بہن۔ غدیر فاطمہ صاحبہ نے جنوری ۱۹۱۵ء کے پرچہ میں بعنوان کچھ جوہری بہنوں سے مضمون شایع فرمایا تھا وہ ہی رسالہ کی کامیابی کیلئے کافی تھا۔ لیکن چند بہنوں نے ان سب باتوں کو نظر انداز کر دیا۔

دراصل جوہر نسواں میں اچھی باتیں سلیقہ کی ہونی لازمی ہیں جن سے کوئی فائدہ بھی ہو۔ اچھے اچھے پھول ہر ایک رسالہ و کتابوں سے دستیاب ہوتے ہیں مگر نئی کڑھتیں فائدہ بخش دستکاریاں اور کارآمد باتیں، مفید مشورے، دستکاری کے متعلق مضامین دکھانے پکانے کی عمدہ ترکیبیں رسالہ جوہر نسواں میں ہونی چاہئیں۔ کیونکہ یہ رسالہ صرف خواتین کے لئے ہے اور اس سے کیوں نہیں خواتین ہی فائدہ اٹھائیں۔ صرف پھولوں کے شایع ہونے سے کیا فائدہ۔

ڈیزائن کا زیادہ تر خیال رکھنا چاہیئے زیادہ پھول اور پتے ساتھ ساتھ ہونے کی وجہ سے اس ڈیزائن میں نزاکت نہیں ہوتی اور کاڑھنا بھی مشکل ہوگا۔ اس لئے نفیس ڈیزائن نکالنے کی کوشش کی جائے اور ان امور کا بھی خیال کیا جائے کہ جن کپڑوں پھولوں یا چیزوں کا فیشن اب ہے وہ جوہر نسواں میں شایع کرا دینی چاہئیں۔ چونکہ رسالے خواتین کے حوصلہ بڑھانے کے لئے شایع ہوتے ہیں۔

بعد میں ہر مہینے دختر جوہر نسواں کو خطوط کے ذریعہ اچھائی اور برائی بتانا اپنا اولین فرض سمجھا جائے۔ پھر دیکھئے جوہر نسواں کتنا حسین و خوبصورت بن جاتا ہے۔

از:- زہرہ غلام محمد شیخ

خیاطی

تکیہ کا غلاف

اشیاء۔ ریشمی عمدہ قسم کی وائل۔ ریشمی جالی کی لیس۔ سفید ریشم کا تاگہ۔

تکیہ کے برابر ناپ کرکے وائل کا غلاف بنالیں۔ اُوپر والے حصّہ کے بیچ میں جالی کی لیس لگاکر اس پر سفید ریشم سے مشین کرلیں۔ بعد تیاری لیس کے نیچے جو کپڑا ہو تیز قینچی سے کاٹ لیں۔ اب ڈیڑھ انچ وائل کی چوڑی پٹی لیکر (لمبان اتنی رکھیں کہ تکیہ غلاف کے اطراف باریک چنٹ سے پوری آجائے) اس کے نیچے کنگورہ ریشمی تاگہ سے بنائیں اور یہ چھوٹا سا پھول ٹریس کرکے "ریشمی ٹانکے" سے کشیدہ کرلیں۔ پھول کے کاڑھنے میں تاگہ ریشم سفید کام میں لائیں۔ جب ساری باڈر بنا چکیں تو جس طرح تکیہ غلاف میں جھالر لگائی جاتی ہے اس طرح ہلکے چُنٹ دے کر مشین کرلیں۔

سب کام سفید ریشم سے کیا جائے گا۔

نوٹ: مخمل سبز یا فیروزی کا تکیہ بناکر اس پر ربن خواہ ریشم سے رنگ برنگی پھول بناکر اس پر یہ غلاف چڑھالیں تو بہت خوبصورت تکیہ ہوگا۔ جو آپ اس سے زیادہ تکلف کا کام کرلیں تو ریشمی جالی کا غلاف حسب نمونہ بناکر اس پر سفید ریشم سے خانہ شماری سے کاڑھیئے۔

مس زہرہ غلام محمد شیخ
شکارپور سندھ

کشیدہ کاری
دامن کی خوشنما بیل
شلوار کی چوڑی بیل
حسب پسند رنگوں سے بنائیں۔ اگر بہنیں اسے آرایشی اشیاء پر بھی سلمہ ستارے سے بنائیں تو بھی اچھی معلوم ہو گی۔
عبیدہ سلطانہ
شلوار پر ٹریس کر کے ڈی۔ ایم۔ سی کاٹن نمبر ۱۲ سے بنائیں۔ بہت خوشنما معلوم ہو گا۔
عبیدہ سلطانہ

کشیدہ کاری

نصف گریباں

سائز بڑا ہونے کی وجہ سے نصف حصّہ
دے رہی ہوں پہلے جمپر پر دونوں طرف ٹریس کر کے
پھر حسب پسند رنگوں سے کاڑھئے۔
بہت عمدہ معلوم ہوگا۔
کڑھت سلک ایمبرائیڈری مناسب
ہوگی اور ناگہ چینی ریشم۔

ع۔ س۔ محمد یوسف عباسی

دسمبر ۱۹۴۵ء
جوہر نسواں دہلی
۶
تکیہ کا مرکز
SWEET
DREAM
ایمبرائیڈری
کرشت سے کاڑھئے
پھول نیلے شیڈ دار
پتیاں۔ سبز
"سوئیٹ ڈریم"
نارنجی
اے فرانسیس سروینہ
ڈالی
اس ڈالی کو آپ
میز پوش پر بنائیے
مگر رنگوں کا خیال رہے زیادہ تر
یہ پھول عباسی آبی شنابی اور اودا شیڈ دار ہوتا ہے۔
لیکن میں نے عباسی اور آبی شیڈ کی آمیزش سے چھوٹی میز کے کپڑے پر بنایا ہے
جو بہت خوبصورت معلوم ہوتا ہے نقشے میں ایک پھول شیڈ کی ترتیب کو ظاہر کرتا ہے پتیاں کاسنی اور ڈنڈیاں کاہی
بنائیے۔

سینری

(برائے فریم)

حاجیہ غلام رسولیہ بیگم
رسولیہ جادوی

میں آج بہنوں کی خدمت میں یہ سینری پیش کر رہی ہوں۔ جسمیں پھولوں کے حصول کی کوششوں کا ایک منظر دکھایا ہے امید ہے بہنیں پسند کرینگی۔ سورج سنہرا۔ پانی۔ ہلکا آبی۔ کنول کے پھول سفید اور اندر کی نسیں نیم گلابی۔ پتیاں سبز اور نسیں ہلکی سبز۔ تیتری کے پر سرخ اور [illegible] ایسی جگہ سنہری۔ جسم جامنی۔ سر زرد اور آنکھ وغیرہ سیاہ۔ بیٹھی ہوئی چڑیا کا سر لال اور جسم گلابی۔ سینہ زرد۔ پر اور چونچ زرد۔ پاؤں لال آنکھ اور گلا سیاہ۔ اُڑتی ہوئی چڑیا میں رنگ بدل کر استعمال کریں۔ مثلاً سر لال کی بجائے زرد اور سینہ لال وغیرہ وغیرہ۔ پہاڑ خاکی اور آسمان ہلکا نیلا۔ صفائی سے بنانا لازمی ہے۔ تاگہ 12 نمبر کا ہونا چاہیئے۔

گلدستہ
میز پوش پر بنائیے
کشمیری کڑھت اچھی
رہے گی
تاگہ۔ ڈی۔ ایم۔ سی۔
کی لچھیاں شیڈدار
استعمال کریں۔
رنگ حسب مرضی۔
بیگم محمد احمد قریشی
بھٹنی

کٹائی کا کام اور ایپلرائیڈ ہری کڑھت

ٹی کوزی

روپ اسٹیچ
ROPE STITCH

بٹن ہول اسٹیچ
Button Hole Stitch

کٹ ورک ایمبرائیڈری

ٹی سٹ کے لئے خوبصورت ڈیزائن

ترکیب:۔ کپڑا بوسکی حسب پسند رنگ لے کر ڈش کور، ٹی کلاتھ، ٹرے کلاتھ اور ٹی کوزی بنائیے۔ یہ ہی خاکہ سلسلہ وار بنانے سے بیل کی شکل بن جائے گا۔ ٹرے کلاتھ و ٹی کلاتھ کے اطراف ٹریس کر کے "بٹن ہول اسٹچ" سے بنائیے۔ اور یہ خاکہ ٹی کوزی پر ٹریس کر کے باریک بٹن ہول سے بنائیں۔ ایسے نشانات پر "روپ اسٹچ" سے بنائیے۔ دھاگہ کپڑے کا جو رنگ ہو ویسا ہی ریشم کام میں لائیں۔ بعد تیاری مطابق نقشہ زائد کپڑا نیچے سے تراشیں۔ اب دیکھئے کتنا حسین ٹی سیٹ بنے گا۔

ہاں اگر "روپ اسٹچ" کے بجائے ریشمی یا کلابتون کی ڈوری یا شینائل جو کپڑے کا رنگ ہو اس سے ملتا ہوا ٹانکئے تو پھر بھی خوبصورتی زیادہ رہے گی۔

مس زیڈ۔ جی۔ شیخ
(شکارپور سندھ)

"پان نما خوشہ انگور"

ترکیب:۔ میز پوش اور تکیہ کے غلاف پر بنے گا۔
انگور انگوری رنگ کے ریشم سے۔
ڈال اور پتیاں کاہی رنگ کے ریشم سے۔
ایسے نشان پر پہلے موٹا ڈورا باندھ دیجئے اسکے بعد سفید ریشم سے بٹن ہول اسٹچ سے بنا کر کراس نما نشان قطع کر دیجئے۔ صفائی اور احتیاط شرط ہے۔

اُمّ حبیبہ عثمانی۔ گونڈہ

اپلیک ورک میں
ڈالی
حسب پسند رنگ کام میں لائیں
ڈالی کشیدہ ہے۔
بنانے کے طریقہ نقشہ سے ظاہر ہے۔
مہر النساء بیگم
(شکار پور سندھ)
پری جمال صابن
یہ پری جمال صابن حسن و خوبصورتی کا خزانہ ہے۔ جلد کو ریشم کی طرح ملائم اور گلاب کی پتی کی طرح سرخ و سفید بنا دیتا ہے چہرے کے داغ دھبے اور مہاسے چند روز میں کھو دیتا ہے اور اپنی دلکش خوشبو سے طبیعت کو خوش رکھتا ہے۔ قیمت فی بکس تین ٹکیہ ایک روپیہ۔
پری بہار ہیر آئل
یہ سر میں لگانے کا خوشبودار پُربہار تیل بالوں کی سیاہی قائم رکھتا ہے بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے اسکی خوشبو کئی روز تک نہیں جاتی قیمت فی شیشی ۱۲؍
موتی زہرہ سنو کریم
آپ کی خوبصورتی بڑھانے کی ضامن اور چہرے کے بدنما داغوں کو دور کرنے والی خوشبو میں لاجواب ہے۔ قیمت فی شیشی ۱۲؍
پتہ:۔ حکیم محمد یعقوب خان مالک دواخانہ نورتن بازار فراشخانہ دہلی

حسین باسکٹ

سلمہ ستارہ اور اپلیک ورک سے تیار کیجئے
جال بغیر بٹے ہوئے کلابتوں سے۔ بنے گا۔

اصغری خاتون
بارہ بنکی

کروشیا سے کلابتوں اور ستارے کا کام ایک نمونہ

مندرجہ بالا خاکہ بہنیں کلابتوں اور ستاروں سے میز پوش، تکیہ غلاف وغیرہ پر بنائیں۔ پہلے کپڑے پر خاکہ ٹریس کرلیں بعد ازاں کپڑے کو فریم پر چڑھالیں اور کلابتوں انگلی میں لپیٹ کر فریم کے نیچے کرلیں اور اوپر سے نقشہ کے مطابق ستارہ رکھکر کروشیا کے ذریعہ کلابتوں سے لگاتی جائیں۔ لیکن یہ خیال رہے کہ بعد تیار ہونے کے کلابتوں ستارہ کے اوپر بالکل نظر نہ آئے۔ ڈنڈیاں کلابتوں سے زنجیرہ کڑھت کی طرح کروشیا سے بنائیں۔ اور درمیان کے ○ ایسے نشان کپڑے کے رنگ کی مناسبت سے تارکشی سے کاڑھ لیں بعد تیاری نہایت دیدہ زیب معلوم ہوگا بشرطیکہ صحیح طریقہ سے بنایا جائے اگر کسی بہن کی سمجھ میں ترکیب تیاری نہ آئے تو وہ بلاتکلف مجھ سے دوبارہ دریافت کرلیں۔

نور جہاں بیگم دختر حافظ محمد ابراہیم
علی گڈھ

بنانے کا طریقہ

صغریٰ خاتون - بابعہ منگی

کشیدہ کاری و چکن کاری

یہ کونہ تکیہ کے غلاف کے کونہ پر بنایئے۔

پھول گلابی۔ پتّہ سبز

ڈالی۔ سبز۔

پتّہ۔ پھول بٹن ہول اسٹچ سے بنایئے۔

گول نشانوں یعنے ○ ایسے نشان کو

چکن کاری سے بنایئے۔

اہلیہ محمد محفوظ الرحیم

خریداری نمبر ۵۸۸ کا

گوٹہ کا کام دھنک کی لیس

ترکیب تیاری:۔ دھنک خواہ سنہری استعمال کریں خواہ سفید یا دونوں طرح کی۔ اگر سنہری اور سفید دونوں طرح کی استعمال کی جائے تو زیادہ اچھا ہے۔

موٹے سے کاغذ کی ½" چوڑی اور ایک یا ڈیڑھ انچ لانبی پٹی کاٹیے دھنک کے ۴ ٹکڑے لیجیے ٹکڑا نمبر ۱ کاغذ کی پٹی کے اوپر گوند سے چپکائیے اسی طرح دوسرا ٹکڑا کاغذ کی پٹی کے نیچے چپکائیے دھنک کا ٹکڑا نمبر ۳ کاغذ کے اوپر اور ٹکڑا نمبر ۴ کاغذ کے نیچے چپکے گا جیسا کہ شکل نمبر ۱ سے ظاہر ہے۔ لیکن یہ خیال رہے کہ دھنک کے ٹکڑے کاغذ پر نیچے کی طرف جھکے ہوئے چپکائے جائینگے (دیکھئے شکل نمبر ۱) اب ٹکڑا نمبر ۴ کو خط د ج کے اوپر موڑ کر (شکل نمبر ۲) نیچے کے سرے کو اوپر کی طرف لیجائے (شکل نمبر ۸)۔ اب ٹکڑا نمبر ۴ کے نیچے والے سرے کو ٹکڑا نمبر ۳ کے اوپر اور ٹکڑا نمبر ۲ کے نیچے اور نمبر ۱ اوپر سے نکالئے۔ اب اوپر کی نوک بنانے کے لئے دھنک کو خط الف ب پر موڑیئے اس طرح کہ نقطہ ج نقطہ د پر آجائے دیکھئے شکل نمبر ۴ اور شکل نمبر ۵، اب پھر دھنک کو اس خط "ب د" پر اس طرح موڑیئے کہ نقطہ الف نیچے آجائے دیکھئے شکل نمبر ۶۔ اب اوپر کا کونہ مکمل ہوگیا۔

اب دھنک نمبر ۳ کو شکل نمبر ۲ اور نمبر ۸ کے مطابق موڑ کر پہلے نمبر ۲ کے [illegible] پھر نمبر ۱ نیچے اور اسکے بعد نمبر ۴ کے اوپر سے نکالکر شکل نمبر ۴ و نمبر ۵ اور نمبر ۶ کے مطابق موڑ دیجیے جس طرح کہ پہلے دھنک نمبر ۴ کو موڑا تھا۔ اسی طرح [illegible] بیل مکمل کر لیجیے بیل بناتے وقت اگر دھنک نمبر [illegible] نمبر ۳ کو سنہری اور دھنک نمبر ۲ اور نمبر ۴ کو سفید رکھیں تو بہت اچھی معلوم ہوگی۔ دھنک کے [illegible] کو کاغذ پر برابر برابر چپکائے شکل میں نقشہ صاف آنے کے لئے علیحدہ علیحدہ دکھایا ہے۔

یہ لیس دوپٹہ اور ساڑیوں پر چکے کے ساتھ لگانے سے اچھی معلوم ہوتی ہے۔ اور بازار میں قریب ڈیڑھ یا دوگنی قیمت پر دستیاب ہوتی ہے۔

مشیر فاطمہ حمیدی (صدیقی)

گوٹے کا کام
کونہ
بڑا پھول چوڑے گوٹے سے
بنائیے۔ چھوٹے پھول دہنک
سے بنائیے۔اور ڈنڈیاں بھی
دہنک سے بنا کر پھولوں
کے اندر
گول ستارہ جڑیئے۔
صفیہ فیض۔ کٹھور ضلع میرٹھ

اونی کام سلائیوں سے

فراک

اُون۔ جیسی دستیاب ہو اسلئے کہ آجکل خاطر خواہ اُون نایاب ہے۔ اگر انگلش اُون مل جائے تو کسی خوبصورت رنگ کی آدھا پونڈ۔ ربن اُون کے ہمرنگ ایک گز۔

ناپ:۔ ۴ سال کی بچّی کے لئے فراک کا گھیر "۱۸" انچ دوہرا کرکے گولائی ۳۶ انچ۔ گھیر کا لمبان ۱۰ انچ کمر ۸ انچ۔ بوڈی کا لمبان ۸ انچ۔ آستین مرضی پر منحصر ہے نصف یا پوری۔

گول سلائی زیادہ مناسب ہو گی۔

گول سلائی اعدد " دو چھوٹی سلائیاں" کروشیا ہڈی کا نمبر (۱) سلائی پر ۳۶ انچ پھندے ڈال کر بناوٹ شروع کریں۔ ایک انچ کے لئے ۲ پھندے کافی ہونگے۔ پہلی لائن۔ اُلٹی۔ دوسری لائن سیدھی۔ ایک انچ بننے کے بعد اصل بناوٹ شروع کیجئے۔ ۷ گھر اُلٹے ۷ سیدھے۔ پہلی لائن۔

اُلٹے پر ایک سیدھا بڑھا کر ۷ اُلٹے۔ ۷ سیدھے۔ دوسری لائن۔ اُلٹے پر ایک سیدھا بڑھا کر ۷ اُلٹے ۷ سیدھے۔ تیسری لائن۔ اُلٹے پر ایک سیدھا بڑھا کر ۷ اُلٹے ۷ سیدھے۔ چوتھی لائن۔ اُلٹے پر ایک سیدھا بڑھا کر ۷ اُلٹے ۷ سیدھے۔ پانچویں لائن۔ اُلٹے پر ایک سیدھا بڑھا کر ۷ اُلٹے ۷ سیدھے۔ چھٹی لائن۔ اُلٹے پر ایک سیدھا

اور اُس نے
لائف بوائے کی
عادت بھی سیکھی ہے!
وہ سُوئی کے ہر ایک ٹانکے کے ذریعہ ایک ہُنر مند چھوٹی لڑکی بنتا سیکھ رہی ہے
اُس کی ماں جانتی ہے کہ وہ ایک تندرست لڑکی بھی ہوگی کیونکہ اُس نے لائف بوائے صابن
کے روزانہ استعمال کی عادت سیکھی ہے۔ یہ عادت اس کو میل کے
اس خطرہ سے جو صحت اور طاقت کا خفیہ دشمن ہے محفوظ رکھتی ہے۔
LIFEBUOY
SOAP
لائف بوائے ایک اچھا صابن ہی نہیں
بلکہ ایک اچھی عادت ہے۔

بچہ آپ کا فرض ہی کہ اسکی
قوت برقرار رہے!
DALDA
VANASPATI
The DALDA
COOK BOOK
Dept. B127 P.O. Box No. 353, Bomba
ڈالڈا اس طرح غذا کو
زیادہ قوت بخش بناتا ہے
کہ ہم سب محنت کر سکتے ہیں
وٹامن آمیز ڈالڈا

نرم کھلونوں کی دستکاری

نرم کھلونوں کی دستکاری کے متعلق مفصل طور سے عصمت بابت اگست ستمبر و اکتوبر ۱۹۳۷ء میں لکھا جا چکا ہے۔ اور اس کے ابتدائی اصول بھی وضاحت سے بیان کئے جا چکے ہیں۔ یہ موضوع کتابی صورت میں بھی موجود ہے مگر مسودہ کاغذ کے قحط کی وجہ سے پڑا ہوا ہے۔ اس لئے یہاں انکو دوہرانا طوالت کا باعث ہوگا۔ نیز گنجائش مانع ہے۔ اس وقت ایک قسم کے ولائتی کتے کا موڈل بنانے کی مختصر تشریح کیجاتی ہے۔ امید ہے کہ اگر اس خاکہ کو غور سے دیکھا جائے اور یہ مضمون سمجھکر پڑھا جائے تو موڈل آسانی سے تیار ہو جائیگا۔ اسی طرح وہ دوسرے نمونے بھی تیار کر سکتی ہیں۔

سامان:۔ اس موڈل کے لئے سفید سبز یا کوئی اور ملائم روئیں دار کپڑا درکار ہوگا۔ تقریباً نصف مربع گز کافی ہوگا۔ ۲ عدد آنکھیں درکار ہونگی اگر خاص بنائی ہوئی آنکھیں نہ مل سکیں تو سیاہ رنگ کے کانچ کے بٹن اس شکل کے کام دے سکتے ہیں ● یہ بٹن بہت سستے بساطیوں کی دوکانوں پر ملجاتے ہیں غالباً ایک پیسہ کے ۲ آتے ہیں۔ کانوں میں استر لگانے کے لئے ۲ عدد لینن کے ٹکڑوں کی ضرورت ہوگی۔ اسکے علاوہ کچھ مضبوط تاگا بھی۔ نیز آدھ سیر کے قریب کیپوک یا ملایم روئی درکار ہوگی۔

اس موڈل کے ۶ عدد ٹکڑے ہیں۔ ان سب کو احتیاط سے کاربن کاغذ کی مدد سے کپڑے کی الٹی طرف اتار لو۔ اگر بیزبد کاربن کاغذ نہ چل سکے یا کاغذ پھٹ جائے تو ایسا کرو کہ ایک پتلی دفتی یا موٹے دبیز کاغذ پر سب خاکوں کو اتار لو اور قینچی سے کاٹ لو۔ بہرحال یہ سلہاؤ سکے خاکے ہو رہنگے۔ ان سب پر ان کی جگہ پر حرف ڈالدو۔ یاد رکھو کہ لکیریں سیدھے زاویہ میں اتریں ورنہ نمونہ بدشکل ہوگا۔ اب بیز یا منتخب شدہ کپڑے پر ان خاکوں کو رکھکر چاروں طرف پنسل پھیر دو۔ اس کے بعد کناروں سے ذرا دور جگہ چھوڑکر ٹکڑوں کو کاٹکر علیحدہ کر لو۔

خاکوں کو باہم جوڑنا اصل خاکوں کے ٹکڑوں پر حرف پڑے ہوئے ہیں ان کو غور سے دیکھو۔ ٹکڑے اس ترتیب سے رکھے جائیں گے کہ ہر ایک ٹکڑے کے دو حرف ایک ہی شکل کے مثلاً ب۔ ب + ج۔ ج + ایک دوسرے پر ٹھیک ٹھیک بیٹھ جائیں + پہلے ایک بوڈی کے ٹکڑے نمبر ۱ اور پیشانی کے ٹکڑے نمبر ۳ کو لو۔ کنارے ج کو ج سے ملاکر د تک سی لاؤ۔ اسی طرح بوڈی کے دوسرے حصہ کے کنارے کو بھی ملاکر سی لو + اسکے بعد اندر بوڈی کے ایک ٹکڑے نمبر ۲ کو اٹھاؤ۔ اسکے کنارے الف کو بوڈی کے کنارے الف سے ملاکر ب کو ب سے ملاکر نیچے کی تمام لائن کو صرف بیچ میں تھوڑی سی جگہ چھوڑکر سی ڈالو۔ اسی طرح اندر بوڈی کے باقی دوسرے ٹکڑے کو بوڈی کے دوسرے ٹکڑے یعنی حصہ سے ملاکر سی لو۔ پھر نیچے کے دونوں کناروں کو ملاکر اور بیچ میں تھوڑی سی جگہ چھوڑکر سی لو۔ یہ جگہ جو بیچ میں چھوڑی جائیگی وہ منہ ہوگا اس کی راہ سے روئی یا کیپوک بھری جائے گی۔ بعد میں یہ منہ بند کر دیا جائے گا۔ اس کے بعد ٹانگوں میں گول ٹکڑے نمبر ۵، جنہیں سول یا تلوے کہتے ہیں، لگائے جائیں گے چنانچہ پہلے اگلی ٹانگوں میں سول نمبر ۵ کے دونوں ٹکڑے ہر ایک ٹانگ میں کنارہ ص سے ص اور ط سے ط ملاکر چاروں طرف سی دو۔ اسی طرح سول نمبر ۶ کے دونوں ٹکڑے کنارہ ق سے ق اور ك سے ك ملاکر سی ڈالو +

سلائی مستقل سلائی سے پہلے لمبے لمبے ٹانکے بھرے جائیں گے جسے "لنگر ڈالنا کہتے ہیں"۔ اس سے یہ فائدہ ہے کہ ٹکڑوں کی ترتیب صفائی سے اور اچھی ہوگی اور اگر کوئی ٹکڑا یا حصہ ٹیڑھا بیٹھ گیا تو لنگر فوراً ادھیڑا جا سکتا ہے۔ لنگر بالکل لکیروں پر ڈالنا چاہیئے۔ اگر لکیروں پر سے لنگر ہٹ گیا تو موڈل بدشکل سا ہو جائے گا۔ جب اس بات کا اطمینان ہو جائے کہ موڈل کے تمام ٹکڑے یا حصے اپنی اپنی جگہ ٹھیک طریقہ سے بیٹھ گئے ہیں۔ تو ان پر مستقل سلائی مشین سے کر دو۔ مشین کی سلائی بھی بالکل لکیروں پر ہو اور خاص طور سے بہت احتیاط سے کی جائے لکیروں پر سے بخیہ ہرگز نہ ہٹنے پائے ورنہ ادھیڑنا مشکل ہوگا۔ ٹانکا چھوٹا کر لیا جائے تاکہ سلائی خوب کسی ہوئی رہے اور روئی بھرتے وقت ٹانکے ٹوٹنے نہ لگیں۔

بھرائی

جب موڈل سلکر تیار ہو جائے تو اس میں روئی یا کیپوک بھری جائے گی۔ روئی اگر پرانی ہو تو دھنوا لی جائے۔ روئی بہت پرانی بھی نہ ہونی چاہیئے کیونکہ خراب اور بہت پرانی روئی میں جراثیم بہت ہوتے ہیں۔ جو ممکن ہے کہ بعد میں جب کھلونے میلے ہونے پہ دھوئے جائیں تو بچوں کو نقصان پہنچائیں۔ روئی بھرنے کے لئے ایک بیت یا مضبوط لکڑی کی موٹی چھڑ ۸-۹ انچ لمبی ہونی چاہیئے۔ اس سے روئی ٹھونس ٹھونس کر بھری جائے گی۔ یہ اوزار "اسٹفنگ ٹول" کہلاتا ہے۔ خود بنا لینا چاہیئے یا کوئی دوسری اسی قسم کی چیز استعمال کی جا سکتی ہے مثلاً بانس کی کھپچی بنا کر اور اسے چھیل کر "اسٹفنگ ٹول" بنایا جا سکتا ہے۔

آنکھیں لگانا

روئی یا رواں جو کچھ بھی ہو موڈل کے سر سے بھرنا شروع کیا جائے۔ مگر پہلے آنکھوں کی جگہ آنکھیں لگا لینی چاہئیں۔ اگر آنکھیں اصلی ہیں تو ان کی پشت پر دو تار کے آنکڑے سے لگے ہوتے ہیں۔ وہ آنکھوں کی جگہ اندر کی طرف موڑ کر لگا دئے جاتے ہیں۔ یا اگر معمولی بٹن ہیں جن کی شکل اوپر دکھائی گئی ہے تو ان میں ایک تار کا ٹکڑا اس طرح باندھ کر اور بٹن کو اندر کے سوراخ کی طرف سے لگا کر باہر کر دو اور اس سوراخ کو سیاہ تاگے سے چاروں طرف سے سی کر تنگ کر دو۔ اب پلکوں کی باری ہے۔ آنکھوں کے گرد جو حلقہ ہے وہ سیاہ تاگے سے کاڑھ کر بنا دو۔ صفائی مدنظر رہے۔

اب تمام موڈل کو بھرنا شروع کرو۔ روئی خوب ٹھونس ٹھونس کر بھرنی چاہیئے۔ مگر واضح رہے کہ روئی سب جگہ یکساں بھری جائے۔ جگہ جگہ گومڑے سے نہ ابھرنے پائیں۔ ٹانگوں کے بیچ میں لکڑی کی کھپچی لگا لو۔ کیونکہ بعد میں جب کھلونے دھوئے جاتے ہیں تو ان کی ٹانگیں مڑ جاتی ہیں اور موڈل سیدھے کھڑے نہیں ہوتے۔ کھپچیاں گول تراشی جائیں اگر یہ بانس کی ہوں تو بہتر ہے۔ پھر ان کے اردگرد اور نیچے روئی بھر کر سب جگہ یکساں روئی ٹھونس کر بھر دو۔ موڈل کا منہ یعنی راستہ بند کرنے سے قبل یہ اچھی طرح دیکھ لو کہ موڈل سیدھا کھڑا ہوتا ہے یا نہیں۔ ٹانگیں اونچی نیچی تو نہیں ہیں۔ اگر موڈل سیدھا کھڑا نہیں ہوتا تو اس کا سبب یہ ہو گا کہ روئی بہت زیادہ کھینچ کر بھر گئی ہے یا موڈل کے ٹکڑے ٹیڑھے کاٹے گئے ہیں۔ بہرحال یہ نقائص نہیں ہونے چاہئیں۔ دم کو بھرنے سے پہلے اس کے اندر بیچ میں ایک کڑا تار کا ٹکڑا لگا لینا چاہیئے تاکہ دم ٹیڑھی نہ ہو۔ جب موڈل پورا بھر جائے تو بھرائی کا راستہ مستقل بھر دینا چاہیئے۔ منہ پر ایسی سلائی کرنی چاہیئے کہ وہ معلوم نہ ہو۔ اب اس کے بعد کان ان کی مخصوص جگہ پر ٹانک دو۔ کانوں کے اندر پہلے اصل کپڑے اور استر کے درمیان ربڑ لگا لینی چاہیئے [illegible] کیونکہ بچے زیادہ تر اپنے کھلونوں کو کان اور دم سے پکڑا کرتے ہیں اور انہیں جلد اکھاڑ پھینکتے ہیں۔

اب آپ کے بچہ کا خوبصورت موڈل تیار ہے وہ اسے دیکھکر بہت خوش ہو گا۔ اگلی اشاعت میں ایک ایسا ہی موڈل دوسری قسم کے کتے کا دیا جائے گا۔ جس کے بنانے کی ترکیب یہی ہو گی۔ لہذا اسے اچھی طرح یاد رکھا جائے۔

سید رضا احمد جعفری

کتا۔ چھ ٹکڑے
نمبر۱ بوڈی ۲ ٹکڑے
نمبر۲ انڈر بوڈی ۲ ٹکڑے
نمبر۳ پیشانی ۱ ٹکڑے
نمبر۴ کان ۴ ٹکڑے
نمبر۵ سول سامنے کے پاؤں کے ۴ ٹکڑے
نمبر۶ سول پیچھے کے پاؤں کے ۴ ٹکڑے
نمبر۵
نمبر۱
نمبر۶
موڑنے کے لئے کنارہ زیادہ رکھو تیروں کے نشان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کپڑے کا روآں یا بناوٹ اس طرف رہے گی۔
نوٹ:۔ نمبر۴ کے ٹکڑوں میں سے ۲ ٹکڑے تو بیز کے درکار ہوں گے اور ۲ استر کے۔